امر بالمعروف ونھی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 بروز ہفتہ 24 اکتوبر 2026 12 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر: 199

وزیراعلیٰ بلوچستان
بلوچستان میں امن و ترقی کا راستہ روکنے کی کوشش کامیاب نہیں ہوں گی

صوبے کی تعمیر و ترقی اور عوام کے روشن مستقبل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے والے عناصر بلوچستان کی ترقی کا سفر نہیں روک سکتے

گوادر میں دہشت گردوں کی کارروائی ناکام، سات دہشت گرد ہلاک، سکیورٹی فورسز کی مستعدی قابلِ تحسین ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گوادر میں دہشت گردوں کی کارروائی ناکام بنانے اور سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سکیورٹی فورسز کی مستعدی، جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور ترقی کا راستہ روکنے کی کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دشمن کے تخریبی عزائم ناکام بنا دیے، جس پر پوری قوم اپنے بہادر (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے کراچی اور مالدیپ کے درمیان براہ راست پروازیں چلانے کی ہدایت کردی

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کراچی اور مالدیپ کے درمیان براہ راست پرو (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان اور عالمی بینک کے درمیان پائیدار اور دیرینہ تعاون قابل تعریف ہے، وزیر خزانہ

سینیٹر محمد اورنگزیب کی عالمی بینک کے علاقائی ڈائریکٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان اور عالمی بینک کے درمیان پائیدار اور دیرینہ تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس تعاون کا مشترکہ مقصد معاشی استحکام کو برقرار رکھنا، ڈھانچہ جاتی اصلاحات کو آگے بڑھانا، پالیسیوں کے تسلسل کو مضبوط بنانا اور اصلاحات کے ثمرات کو سرمایہ کاری، روزگار اور عوام (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں سیکورٹی فورسز کا کلیئرنس آپریشن 10 دہشتگرد ہلاک

گوادر میں آپریشنز مکمل کر کے امن و امان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے

دہشت گردوں کے حملے میں 1 شہری شہید اور چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے، گوادر میں آپریشنز کے دوران سیکورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، آئی ایس پی آر

کوئٹہ، گوادر، راولپنڈی (اے این این) سیکورٹی فورسز نے گوادر، گبد بارڈر کراسنگ اور گوادر شہر میں بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی کی کوشش ناکام بنا دی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے گوادر شہر اور گرد و نواح میں کلیئرنس آپریشن کے دوران خاتون دہشت گرد سمیت 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے حملے میں 1 شہری شہید اور چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے، گوادر میں آپریشنز کے دوران سیکورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

شالی ڈیرہ بگٹی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ، سنگجانی احتجاج کیس میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر دیا' مزید سماعت 7 نومبر تک ملتوی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ پیش ہوئے۔ عدالت نے عدم پیشی پر وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ کے پاس پی ٹی آئی احتجاج کیس کا ٹرائل زیر التوا ہے۔ دوسری جانب، انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی سنگجانی احتجاج کیس میں اسد قیصر کی 7 نومبر تک (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

آرمی چیف
دہشتگرد تنظیموں کیخلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے

عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا سیکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی

راولپنڈی (اے این این) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد تنظیموں کے خلاف کارروائیاں پوری شدت سے جاری رہیں گے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا جہاں انہیں کے پی کی سیکورٹی صورتحال، انسداد دہشتگردی کارروائیوں اور سرحدی انتظامات پر بریفنگ دی گئی جب کہ کے پی میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردی کے خطرات سے مؤثر طور پر نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطح کی آپریشنل تیاری برقرار رکھنے، دہشتگردی کے خطرات سے مؤثر طور پر نمٹنے کیلئے مسلسل چوکس رہنے کی ہدایت کی گئی ہے جب (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو سٹاف کور ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں میں تعاون کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم، تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مفا (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک میں عدالتی عمل کے بغیر سزائیں معمول بن رہا ہے، خواجہ سعد رفیق

بلاتاخیر فیصلوں کیلئے عدلیہ اور حکومت کوئی لائحہ عمل مرتب کریں، سابق وفاقی وزیر

لاہور (اے این این) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ سنگین نوعیت کے مقدمات میں فوری انصاف اور بلاتاخیر فیصلوں کیلئے عدلیہ اور حکومت مل کر کوئی لائحہ عمل مرتب کریں۔ مسلم لیگ ن کے رہنما سعد رفیق نے ایک بیان میں کہا کہ (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم
اقتصادی استحکام کے بعد بنیادی اور ادارہ جاتی اصلاحات حکومت کی ترجیح ہیں

حکومت سرکاری اداروں کی نجکاری اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے فعال حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف سے بین الاقوامی مشاورتی فرم الوریز اینڈ مارسل (A&M) کے شمالی امریکہ آپریشنز کے مینیجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریگز نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ادارہ جاتی اقتصادی اصلاحات، معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن اور میرٹ و شفافیت کے فروغ کے ذریعے معاشی ترقی اور خوشحالی کے حصول کے لیے بھرپور کوششیں کر رہا ہے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی معیشت کو بین الاقوامی منڈیوں کے لیے مزید کھولنے اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے الماریز اینڈ مارسل کے نارتھ امریکن آپریشنز کے مینجنگ ڈائریکٹر مسٹر پیٹر بریگز ملاقات کر رہے ہیں

برلن، صدر آصف علی زرداری کو جرمنی میں سرکاری استقبالیہ تقریب کے دوران گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

ٹیکس شرائط کے خلاف پی ایم اے بلوچستان کا بڑا فیصلہ

پی ایم اے کا سرکاری و نجی ہسپتالوں میں احتجاجی لائحہ عمل جاری کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان نے مرکزی قیادت کی ہدایات کے تسلسل میں یکم نومبر 2026 سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے غیر منصفانہ ٹیکسوں کے خلاف صوبہ بھر میں غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ پی ایم اے کی جانب سے جاری کردہ لائحہ عمل کے مطابق یکم نومبر سے تمام سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

مستونگ، کھڈکوچہ کے باغات میں مسلح افراد کی فائرنگ 2 مزدور قتل

ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی رحیم کوہر اور رضا محمد کو مستونگ میں نشانہ بنایا گیا نامعلوم ملزمان کی تلاش جاری

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے جعفرآباد (ڈیرہ اللہ یار) کے رہائشی دو محنت کش مزدوروں کو قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی دو نوجوان مزدور، محمد رحیم کوہر اور رضا محمد عرف جاوید کوہر، کھڈکوچہ کے قریب باغات میں مزدوری کر رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہو (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیر توانائی کا صارفین کو اضافی اور غلط بل بھیجنے پر ڈسکوز کیخلاف کارروائی کا حکم

میٹر کی رفتار درست ثابت ہونے پر ریکوری کو صرف دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جائے گا، اویس لغاری

اسلام آباد (اے این این) وزیر توانائی اویس لغاری نے ڈسکوز (بجلی تقسیم کار کمپنیوں) کی جانب سے صارفین کو ڈیٹیکشن کی مد میں اضافی اور غلط بل ڈالنے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سخت تنبیہ کی کہ آئندہ کسی بھی صارف کو غلط ڈیٹیکشن بل نہیں دیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر توانائی کی زیر صدارت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر نے سخت اور جامع اصلاحاتی فریم ورک کے نافذ کرنے کی (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر فورسز خراج تحسین کی مستحق ہیں، بابر یوسفزئی

بلوچستان میں امن، ترقی اور سرمایہ کاری کے خلاف سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (جی این ایم) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے گوادر میں دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے اور سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سیکیورٹی اداروں کی بہادری، مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ بلوچستان کے امن کو تباہ کرنے اور ترقی کا راستہ روکنے کی کوشش کرنے والے عناصر کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

لسبیلہ مسافر بس اور وین کے درمیان تصادم 12 افراد جاں بحق 22 زخمی

حادثے میں زخمی ہونے والے 7 افراد کی حالت تشویشناک ہے جنہیں ٹراما سینٹر کراچی منتقل کر دیا گیا، انچارج ایدھی لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی

حادثے کا شکار ہونے والی بس لسبیلہ سے کراچی جا رہی تھی۔ اوتھل پوائنٹ کے قریب دونوں گاڑیوں کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں بھاری جانی نقصان ہوا، پولیس

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں اوتھل پوائنٹ کے قریب مسافر بس اور وین کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 12 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ حادثے کا شکار ہونے والی بس لسبیلہ سے کراچی جا رہی تھی۔ اوتھل پوائنٹ کے قریب دونوں گاڑیوں کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں بھاری جانی نقصان ہوا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

صدر مملکت
بلوچستان کے عوام کے مفادات کے تحفظ کیلئے امن کا قیام ناگزیر ہے

بلوچستان کے امن و استحکام کے خلاف سازشیں صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں

صدر آصف علی زرداری کا گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور دس دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردی کے واقعے میں ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان، وسط ایشیائی ریاستوں تک تجارتی راہداریوں کا خواہاں ہے، عبدالعلیم خان

آذربائیجان کے نئے سفیر عرفان داوودوف کی وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے پاکستان میں تعیناتی پر آذربائیجان کے سفیر عرفان داوودوف کا گرم جوشی سے خیر مقدم کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارت اور انفرا سٹرکچر کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ دونوں جانب سے پاکستان اور آذربائیجان کے مابین دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بالخصوص مواصلات اور انفراسٹرکچر کے شعبوں، دوطرفہ تجارت، اقتصادی تعاون اور مشترکہ منصوبوں میں توسیع پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے زور دیا کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں تک تجارتی راہداریاں تیار کرنے میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی رابطہ کاری کی بہتری اور تجارتی آمد و رفت میں سہولت کے لیے ذرائع آمد و رفت اور جدید انفراسٹرکچر کا مضبوط نیٹ ورک (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئی آن لائن پیسے مانگے تو ہرگز ٹرانسفر نہ کریں، محسن نقوی

لاہور (اے این این) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کوئی آن لائن پیسے مانگے تو ہرگز ٹرانسفر نہ کریں، خواتین اپنی تصاویر ہرگز کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراسانی کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں۔ لاہور میں این سی سی آئی اے کی کھلی کچہری سے خطاب میں وزیر داخلہ نے کہا کہ آن لائن فراڈ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے گا، عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی دی جائے کہ آن لائن پیسے مانگنے والوں کو ہرگز رقم ٹرانسفر نہ کریں، کوئی بیمار بن کر، مصیبت میں مبتلا ہو کر پیسے مانگے تو نہ دیں، ماؤں بہنوں سے (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان کی گڈز ٹرانسپورٹ مالکان کو روٹ پرمٹس کی تجدید کی ہدایت

نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام کے بعد گڈز ٹرانسپورٹ کے کانٹریکٹ میں درستگی لازمی قرار

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ٹرانسپورٹ حکومت بلوچستان کے ایک سرکلر کے مطابق تمام گڈز ٹرانسپورٹ مالکان کو ہدایت کی ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے متعارف کرائے گئے نئے ڈویژنز، سب ڈویژنز اور اضلاع کے قیام کے بعد اپنے روٹ (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

صوبائی محتسب بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

عوامی شکایات کو قانون اور میرٹ کے مطابق بروقت نمٹایا جائے، صوبائی محتسب کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی زیر صدارت صوبائی محتسب سیکرٹریٹ کے مرکزی دفتر کوئٹہ میں ڈائریکٹرز انویسٹی گیشن، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور رجسٹرار کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف زیر ساعت اور زیر (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

ہفتہ وار مہنگائی میں مزید 0.65 فیصد اضافہ، سالانہ شرح 11.85 فیصد تک پہنچ گئی

اسلام آباد (اے این این) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں مزید 0.65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.85 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کر دی، جس کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 کی قیمتوں میں کمی ہوئی، جبکہ 20 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ایل پی جی کی قیمت میں 22.44 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ مرغی کا (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی ایئرپورٹ روڈ پر کارروائی، فٹ پاتھ سے تجاوزات ختم، ہوٹل مالک گرفتار

سرکاری اراضی اور فٹ پاتھوں پر تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہریوں کی شکایات کے ازالے اور عوامی راستوں کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اسی سلسلے میں کھلی کچہری کے دوران موصول ہونے والی شہری کی شکایت پر فوری کارروائی کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے ایئرپورٹ کے قریب واقع ایک ہوٹل کی جانب سے فٹ پاتھ پر قائم کی گئی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران فٹ پاتھ کو تجاوزات سے کلیئر کروا دیا گیا، جبکہ سرکاری جگہ پر تجاوزات قائم کرنے کے معاملے پر ہوٹل مالک کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق فٹ پاتھ عوام، بالخصوص پیدل چلنے والوں کے لیے مختص ہوتے ہیں، جہاں تجاوزات قائم کرنے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور انہیں سڑک پر چلنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی سلامتی بھی متاثر ہو سکتی (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر رکھنی کا آٹے کی دکانوں پر اچانک چھاپہ، ناپ تول میں کمی پر دکانداروں کو جرمانے

عوام کو مقررہ وزن کے مطابق معیاری اشیا کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، ضلعی انتظامیہ بارکھان

رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے آٹے کی مختلف دکانوں کا اچانک معائنہ کیا۔ چیکنگ کے دوران ناپ تول میں کمی پائے جانے پر متعلقہ دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ آٹے کی فروخت میں مقررہ وزن اور ناپ تول کے اصولوں پر عمل کریں اور عوام کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہ کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناپ تول میں کمی اور عوام کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ آئندہ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اور ضلعی انتظامیہ بارکھان عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ کی مقررہ وزن کے مطابق فراہمی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا عمل جاری رکھے گی۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایات (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں مین ہٹن طرز منصوبہ بنانے کا اعلان، سعودی سرمایہ کاروں کو دعوت

سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ون ونڈو آپریشن متعارف کرایا جائے گا، جس کے تحت منظوری اور دیگر امور ہفتوں یا مہینوں کے بجائے چند دنوں میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

اسلام آباد میں مین ہیٹن طرز کا منصوبہ تیار کرنے کا ارادہ ہے، جس میں مرکزی پارک کے گرد رہائشی اور دیگر سہولتیں فراہم کی جائیں گی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں جدید طرز کے رہائشی اور تفریحی منصوبے شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے سعودی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دے دی۔ سعودی ریئل اسٹیٹ ایکسپو سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ون ونڈو آپریشن متعارف کرایا جائے گا، جس کے تحت منظوری اور دیگر امور ہفتوں یا مہینوں کے بجائے چند دنوں میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں مین ہیٹن طرز کا منصوبہ تیار کرنے کا ارادہ ہے، جس میں مرکزی پارک کے گرد رہائشی اور دیگر سہولتیں فراہم کی جائیں گی، جبکہ اسلام آباد کے سفاری پارک کو بھی بہتر بنانے کا منصوبہ ہے، جہاں جانوروں کی تعداد اور تفریحی سہولتوں میں اضافہ کیا جائے گا، پاکستان میں تفریحی سرگرمیوں کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ محسن نقوی نے بتایا کہ منصوبوں میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھانے اور شفافیت یقینی (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایئرپورٹ روڈ پر واقع پیٹرول پمپ سے ایندھن کے نمونے حاصل

کوئٹہ میں گرانفروشی کے خلاف آپریشن، 5 دکاندار گرفتار کر کے جیل منتقل

کوئٹہ (خ ن) عوامی شکایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی کی ہائیڈروکاربن ٹیسٹنگ سینٹر کی ٹیم کے ہمراہ ایئرپورٹ روڈ پر واقع ہاسکول (HASCOL) پیٹرول پمپ کا معائنہ کیا اور فروخت ہونے والی پیٹرولیم مصنوعات کے معیار کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران مقررہ طریقہ کار کے مطابق ایندھن کے نمونے حاصل کر کے تفصیلی جانچ اور تجزیے کے لیے لیبارٹری بھجوا دیے گئے۔ انتظامیہ کے مطابق لیبارٹری رپورٹ موصول ہونے کے بعد نتائج کی روشنی میں مزید ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی، تاکہ پیٹرولیم مصنوعات کے معیار کو یقینی بنانے اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔ کوئٹہ 23 اکتوبر۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات اور عوامی شکایات پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ کالرہ کا ڈی ایچ کیو ہسپتال جعفرآباد کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو معیاری علاج کی فراہمی اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر جعفرآباد

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ کالرہ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ کالرہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور دیگر امور کے حوالے سے آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا جائزہ لیا اور وہاں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹروں کے رویے، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے ہسپتال میں موجود طبی عملے کی کارکردگی اور مریضوں کو درپیش مسائل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں تاکہ عوام کو صحت کی بہتر (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع کیچ میں صحت عامہ کی سہولیات کا جائزہ: غیر حاضر 30 ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی

ناقص صفائی پر مختلف میڈیکل اسٹورز کو شوکاز نوٹسز جاری، عوامی سہولیات کی بہتری کی ہدایت

تربت (خ ن) ضلع کیچ میں صحت عامہ کی سہولیات کی بہتری، سرکاری طبی اداروں کی کارکردگی، ملازمین کی حاضری اور انتظامی امور، تنخواہوں کی کٹوتی اور میڈیکل اسٹورز کی نگرانی سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راشدہ ملک، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر صدام بلوچ، ڈرگ انسپکٹر کمران محمد اکرم، پی پی ایچ آئی کے عبدالخالق، ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر تربت وارث رفیق، ڈی ایچ او آفس کے ڈاکٹر لطیف بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ نے محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، انتظامی معاملات اور ملازمین کی حاضری سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ غیر حاضری اور متعلقہ انتظامی معاملات کے تناظر میں 30 ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی کی گئی ہے (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی محتسب سعادت اللہ خان بازئی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ـــ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

مکہ دفاعی اتحاد کے تحت عملی اقدامات

مکہ دفاعی اتحاد نے ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اتحاد کی سٹریٹجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ریاض میں ہوا جس میں تینوں ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود تین سال کیلئے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل مقرر کر دیئے گئے۔ فریقین نے سیکرٹری جنرل کی تقرری کا خیرمقدم کرتے ہوئے اُن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اتحاد کو آگے بڑھانے اور اُس کے مقاصد کے حصول میں اُن کے کردار پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اجلاس میں مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش اور سعودی شہروں پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم سعودی عرب کی سلامتی کیخلاف حملے یا دھمکی کو مسترد کرتے ہیں، سعودی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کو سراہتے ہیں، مکہ دفاعی اتحاد اجتماعی دفاع کے پختہ عزم اور خطرات کیخلاف متحدہ مؤقف کا عکاس ہے۔ اجلاس میں اجتماعی دفاعی وعدوں پر فوری عملی پیشرفت کا فیصلہ کیا گیا، ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ تینوں ممالک کی سلامتی اجتماعی بقاء کا لازمی حصہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اجتماعی دفاع کے عزم کی ساکھ ظاہر کرتا ہے۔ تینوں ممالک اپنی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے متحد اور پُرعزم ہیں۔ کمیٹی نے اجلاس سے قبل ہونے والے سیاسی اور عسکری مشاورتی عمل کے نتائج کا جائزہ لیا اور پیش کی گئی سفارشات کی منظوری دے دی جن میں فوجی دستوں اور صلاحیتوں کی سعودی عرب میں تیز رفتار تعیناتی یقینی بنانے کا کہا گیا جو منظورشدہ انتظامات کے علاوہ تینوں ممالک کے ریاستی قوانین کے مطابق ہوگی۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کئی دہائیوں سے قریبی دفاعی تعاون موجود ہے جبکہ ترکیہ بھی پاکستان اور سعودی عرب دونوں کے ساتھ دفاعی اور تزویراتی تعلقات رکھتا ہے، اِسی باہمی تعاون کو 7 اگست 2026ء کو ایک باقاعدہ اجتماعی دفاعی ڈھانچے میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ معاہدے کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ تینوں میں سے کسی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت تینوں ممالک دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مضبوط اور کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں اجتماعی دفاعی روک تھام کو مؤثر بنائیں گے۔ پاکستان نے کئی مواقع پر واضح کیا ہے کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، بلکہ دفاعی نوعیت کا ہے اور تینوں ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور عوام کے دفاع کی صلاحیت مضبوط بناتا ہے۔ معاہدے پر دستخط کے بعد اگلا مرحلہ اِسے محض ایک سیاسی عزم کے بجائے ادارہ جاتی اور عملی تعاون میں تبدیل کرنے کا تھا۔ استنبول میں 31 اگست کو تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور دفاعی افواج کے سربراہان نے سٹریٹجک، سیاسی و دفاعی کمیٹی کے پہلے اجلاس میں ادارہ جاتی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا اور سعودی عرب میں ایک جنرل سیکریٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا جس کی سربراہی ابتدائی طور پر تین سال کے لئے پاکستان سے تعلق رکھنے والے سیکریٹری جنرل کے سپرد کی جانی تھی، پاکستان نے ستمبر میں لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کا نام تین سالہ مدت کے لئے پہلے سیکریٹری جنرل کے طور پر تقرری کے لئے پیش کیا تھا جبکہ سیکریٹریٹ سعودی دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری جنرل کی تقرری سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ مکہ معاہدہ محض سربراہانِ حکومت کے درمیان ایک اعلامیے تک محدود نہیں بلکہ مستقل ادارہ جاتی ڈھانچے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ پاکستان جنوبی ایشیاء، سعودی عرب خلیج اور مشرق وسطیٰ جبکہ ترکیہ یورپ، مشرق وسطیٰ اور ایشیا کے سنگم پر ایک اہم جغرافیائی حیثیت رکھتا ہے۔ تینوں ممالک کی دفاعی صلاحیت، جغرافیائی اہمیت اور طویل عرصے سے موجود باہمی تعلقات کے امتزاج نے ایسے تعاون کو جنم دیا ہے جس کے ذریعے رُکن ممالک اپنی سلامتی کے معاملات میں باہمی مشاورت، دفاعی تیاری اور مشترکہ ردِعمل کی صلاحیت بہتر بنا سکتے ہیں۔ معاہدے کے قیام کے بعد اس کے ممکنہ دائرہ کار میں توسیع کی بات بھی سامنے آئی تھی، ترک وزیرخارجہ نے مستقبل میں مزید ممالک کی شمولیت کا امکان ظاہر کیا تھا جبکہ مصر کا نام بھی زیر بحث آیا تھا تاہم کسی نئے رُکن کی باضابطہ شمولیت کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ تینوں ممالک کو ایسا مشترکہ ادارہ جاتی فریم ورک مل گیا ہے جو اِن تینوں کی صلاحیتوں کو یکجا کر کے خطے میں توازن قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سعودی عرب کو درپیش موجودہ سکیورٹی خطرات کے تناظر میں فوری طور پر سعودی عرب کو طے شدہ دفاعی قوت اور صلاحیتوں کی فراہمی اور اُن کی تیز رفتار تعیناتی کا مقصد کسی نئی کشیدگی کو جنم دینا نہیں بلکہ رُکن ممالک کی دفاعی تیاری، باہمی ہم آہنگی اور خطرات سے نبٹنے کی مشترکہ استعداد کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ اتحاد ایسے وقت میں وجود میں آیا جب مشرق وسطیٰ اور اِس سے ملحقہ خطوں میں سلامتی کے چیلنج پیچیدہ ہو چکے تھے اور ریاستوں کے لئے باہمی دفاعی تعاون کی اہمیت بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ اِس اتحاد کی اصل اہمیت اِس کے الفاظ سے زیادہ اِس کے ادارہ جاتی اور عملی نفاذ سے سامنے آئیگی۔ ایک پہلو یہ بھی ہے کہ تینوں ممالک مضبوط دفاعی تعاون کے ساتھ علاقائی اَمن، کشیدگی میں کمی اور تنازعات کے پُراَمن حل کے لئے کوشاں ہیں۔ ضرورت اِس اَمر کی ہے کہ اِس اتحاد کو صرف دفاع کے مشترکہ انتظام ہی تک محدود تک نہ رکھا جائے بلکہ رُکن ممالک کی ہمہ جہت ترقی میں ہر ممکن کردار بھی ادا کیا جائے۔

معاشی بحران حل کرنے کی ضرورت!

پاکستان کئی دہائیوں سے تاریخ کے ایک ایسے موڑ پر کھڑا ہے جہاں اس کے سامنے صرف مسائل نہیں، بلکہ بحرانوں کا ایک پورا سلسلہ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کھڑا ہے۔ ایک طرف سیاسی اداروں کی بے بسی اور مفلوج ساخت ہے، تو دوسری طرف معاشی ریلیف کا خواب جو عوام کی پہنچ سے روز بروز دور ہوتا جا رہا ہے۔ اسی تاریک منظرنامے میں بڑھتی ہوئی بھوک کی آہ و زاری اور ماحولیاتی چیلنجز کی بربادی ایک ایسے خوفناک سائے کی طرح منڈلا رہی ہیں جس نے ہماری نسلوں کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ پاکستان کے سیاسی نظام اور اس کے اداروں کی موجودہ حالت زار پر نظر ڈالی جائے تو ہر طرف بے بسی اور ناہمواری کا راج دکھائی دیتا ہے۔ وہ سول ادارے جن کا بنیادی مقصد آئین و قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا، عوامی مفادات کا تحفظ اور پالیسی سازی کے ذریعے ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا تھا، آج شدید سیاسی کشمکش اور اقتدار کی کھینچ تان کی نذر ہو چکے ہیں۔ جمہوری عمل محض بیانیوں کی جنگ بن کر رہ گیا ہے جہاں عوامی فلاح و بہبود کی بات صرف انتخابی جلسوں تک محدود نظر آتی ہے۔ ادارے کمزور اور ناپائیدار ہیں کہ بحران کے حل کی بجائے نئے بحران کو جنم دیتے ہیں۔ اس سیاسی اور ادارہ جاتی کمزوری نے ملک کی معاشی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ جب سیاسی استحکام مفقود ہو، تو اس کا سب سے پہلا اور براہِ راست اثر معیشت پر پڑتا ہے۔ پاکستان کی معاشی حالت آج اس نہج پر پہنچ چکی ہے جہاں “معاشی ریلیف” ایک ایسا دلکش نعرہ ہے جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا۔ ساہوکاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کی سخت شرائط، بڑھتا ہوا قرضوں کا بوجھ، اور کرنسی کی بے قدری نے عام شہری کی کمر توڑ دی ہے۔ بجلی اور گیس کے بل، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں اور روزمرہ کی بنیادی اشیاء عام آدمی کی قوتِ خرید سے باہر ہو چکی ہیں۔ متوسط طبقہ، جو کسی بھی معاشرے کا معاشی ستون ہوتا ہے، اب آہستہ آہستہ خطِ غربت سے نیچے دھکیلا جا رہا ہے، جبکہ غریب کے لئے دو وقت کی روٹی کا حصول ایک ناقابلِ فتح معرکہ بن چکا ہے۔ حکومت کی طرف سے اعلانات اور وعدے تو بہت کیے جاتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ غریب کی جاء تک ریلیف کا کوئی ایک قطرہ بھی نہیں پہنچتا۔ معاشی تنزلی کا سب سے دردناک پہلو بڑھتی ہوئی بھوک اور غذائی غیریقینی حالت ہے۔ پاکستان جو بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے اور جس کی زمینیں سونا اگلتی رہی ہیں، آج اپنے ہی شہریوں کا پیٹ بھرنے سے قاصر دکھائی دیتا ہے۔ مہنگائی کی بلند ترین سطح نے غریب گھرانوں سے نوالہ تک چھین لیا ہے۔ بچوں میں غذائی قلت کے اعداد و شمار روح فرسا ہیں۔ لاکھوں بچے مناسب خوراک نہ ملنے کے باعث جسمانی اور ذہنی نشوونما کی کمی کا شکار ہو رہے ہیں۔ بھوک صرف پیٹ کی آگ نہیں ہوتی، یہ انسان سے اس کی عزتِ نفس، اس کی اخلاقیات اور اس کی زندگی کی امید بھی چھین لیتی ہے۔ جب ایک باپ اپنے بچوں کو بھوکا سوتا دیکھتا ہے تو سیاسی نعرے اس کیلئے بے معنی ہو جاتے ہیں۔ بھوک کے اس پھیلتے ہوئے سائے نے معاشرتی تانے بانے کو بھی شدید زدوکوب کیا ہے، جس کی وجہ سے جرائم، خودکشیوں اور بے چینی کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ اس تمام معاشی و سیاسی بگاڑ کے اوپر جو سب سے بڑا اور بھیانک تازیانہ برس رہا ہے، وہ ماحولیاتی چیلنجز ہیں۔ پاکستان عالمی سطح پر گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا حصے دار ہے، لیکن یہ دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جو ماحولیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہم نے بن بلائے اور بے وقت کے سیلاب، خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیئرز کا پگھلنا دیکھا ہے۔ 2022ء کے تباہ کن سیلاب نے ملک کے ایک تہائی حصے کو ڈبو دیا تھا، جس سے کروڑوں لوگ بے گھر ہوئے اور اربوں ڈالر کا معاشی نقصان ہوا۔ زرعی زمینیں تباہ ہو گئیں، فصلیں بہہ گئیں اور مویشی مر گئے۔ اس ماحولیاتی بربادی نے نہ صرف معیشت کو اپاہج کیا بلکہ ملک میں بھوک اور غربت کے بحران کو کئی گنا بڑھا دیا۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ یہ تمام بحران الگ الگ نہیں ہیں، بلکہ مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جس سے نکلنا اس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ تمام مسائل کو ایک جامع حکمتِ عملی کے تحت حل نہ کیا جائے۔ سیاسی بے بسی معاشی بحران کو جنم دیتی ہے؛ معاشی بحران کے نتیجے میں بھوک اور غربت پھیلتی ہے؛ اور جب ماحولیاتی آفت آتی ہے تو یہی غریب اور بھوکا طبقہ سب سے پہلے اس کا شکار بنتا ہے۔ اداروں کی کمزوری کی وجہ سے ہم ماحولیاتی آفت سے پہلے کوئی ٹھوس تیاری کر پاتے ہیں اور نہ ہی آفت کے بعد متاثرین کو سنبھال پاتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس دلدل سے نکلنے کا کوئی راستہ موجود ہے؟ جواب ہاں ہے، لیکن اس کیلئے بنیادی اور انقلابی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے، سیاسی قیادت کو اپنے ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ادارہ جاتی استحکام کیلئے کام کرنا ہو گا۔ جب تک ادارے آزاد، بااختیار اور شفاف نہیں ہوں گے، معاشی پالیسیوں میں تسلسل نہیں آ سکتا۔ سیاسی اتفاقِ رائے وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے، جس میں تمام سیاسی و مقتدر طبقات کو معاشی استحکام کا ایک کم از کم ایجنڈا طے کرنا ہو گا۔ ثانیاً، معاشی ریلیف کی فراہمی کیلئے روایتی اور عارضی اقدامات کے بجائے ساخت جاتی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ غیر پیداواری اخراجات میں کمی، ٹیکس کے نظام کی اصلاح، اور اشرافیہ کو دی جانے والی رعائیتوں کو ختم کر کے اس کا فائدہ غریب طبقے تک پہنچانا ہو گا۔ سماجی تحفظ کے پروگراموں کو زیادہ شفاف اور وسیع بنانا ہو گا تاکہ بھوک کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کو سنبھالا دیا جا سکے۔ ثالثاً، زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ کرنا ہو گا۔ پاکستان کو اپنی زراعت میں جدید ٹیکنالوجی، پانی کے بچاؤ کی تکنیکس، اور ایسی فصلوں کی پیداوار پر توجہ دینی ہو گی جو موسم کی سختیوں کا مقابلہ کر سکیں۔ ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جنگلات کے تحفظ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی مضبوطی اور گرین انرجی کی طرف پیشرفت کو قومی ترجیح بنانا ہو گا۔ اگر ہمارے اداروں نے اب بھی اپنی بے بسی پر قابو نہ پایا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام رہے، تو تاریخ کا فیصلہ بہت سخت ہو گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اقتدار کی راہداریوں میں بیٹھے حکمران ہوش کے ناخن لیں اور باتوں و نعروں کی دنیا سے نکل کر عملی قدم اٹھائیں۔ قبل اس کے کہ بھوک اور بربادی کا یہ طوفان سب کچھ بہا کر لے جائے۔

ندیم اختر ندیم

شہباز شریف کی عالمی امن کیلئے پکار

دنیا آج ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں جنگ کے شعلے صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہے بلکہ ان کی تپش پوری انسانیت محسوس کر رہی ہے۔ کہیں بارود کی بو ہے، کہیں بے گھر انسانوں کی آہیں، کہیں معیشتوں پر جنگ کا بوجھ ہے اور کہیں سفارت کاری کے دروازے کھولنے کی مسلسل کوششیں۔ ایسے نازک عالمی ماحول میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس محض عالمی رہنماؤں کا اجتماع نہیں بلکہ دنیا کے ضمیر سے خطاب کا ایک موقع بن جاتا ہے۔ اسی عالمی منظرنامے میں وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب پاکستان کی سفارتی آواز کا ایک اہم اظہار تھا۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے عالمی فورم پر پاکستان کا مؤقف پیش کرتے ہوئے جنگ کے بجائے امن، تصادم کے بجائے مذاکرات، طاقت کے بجائے قانون اور تقسیم کے بجائے تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ میاں شہباز شریف کے خطاب کی سب سے نمایاں خوبی یہ تھی کہ اس میں پاکستان کے قومی مفادات کے ساتھ امت مسلمہ کے اہم مسائل کو بھی عالمی ضمیر کے سامنے رکھا گیا۔ فلسطین اور کشمیر جیسے دیرینہ مسائل سے لے کر اسلاموفوبیا، دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی اور ترقی پذیر دنیا کے معاشی مسائل تک وزیراعظم نے ایک ایسے عالمی نظام کی ضرورت اجاگر کی جس میں انصاف، مساوات اور انسانی وقار کو بنیادی حیثیت حاصل ہو۔ فلسطین کا مسئلہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کے خطاب کا اہم محور رہا۔ غزہ میں جاری انسانی المیے اور فلسطینی عوام کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان نے اپنے دیرینہ مؤقف کو دہرایا کہ فلسطینی عوام کو حق خودارادیت ملنا چاہیے اور ایک آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ضروری ہے۔ یہ مسئلہ اس وقت مزید اہم ہو جاتا ہے جب خود اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بھی دو ریاستی حل کو خطے میں پائیدار امن کی بنیادی راہ قرار دے رہے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے کشمیر کا معاملہ بھی عالمی برادری کے سامنے رکھا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں مسئلہ کشمیر ہمیشہ ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اقوام متحدہ وہی عالمی فورم ہے جہاں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا معاملہ بارہا اٹھایا جاتا رہا ہے۔ میاں محمد شہباز شریف کا پیغام یہ تھا کہ دنیا میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب تنازعات کو نظرانداز کرنے کے بجائے انصاف اور بین الاقوامی قانون کی بنیاد پر حل کیا جائے۔ اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بھی وزیراعظم پاکستان نے عالمی توجہ مبذول کرائی۔ دنیا میں مذہب کی بنیاد پر نفرت اور امتیاز صرف مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ انسانی معاشرے کے امن اور باہمی احترام کا مسئلہ ہے۔ جب کسی مذہب کے ماننے والوں کو محض ان کے عقیدے کی بنیاد پر نشانہ بنایا جائے تو اس کے اثرات معاشرے کی اجتماعی سلامتی پر پڑتے ہیں۔ پاکستان نے اسی لیے مذہبی ہم آہنگی، برداشت اور باہمی احترام کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم کا خطاب صرف جنگ زدہ خطوں تک محدود نہیں تھا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی اور ترقی پذیر ممالک کے مسائل کو بھی عالمی ایجنڈے کا حصہ بنایا۔ پاکستان خود موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات کا سامنا کر چکا ہے، اس لیے عالمی برادری سے یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ موسمیاتی انصاف کو محض وعدوں کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے۔ معاشی انصاف بھی وزیراعظم کے خطاب کا اہم پہلو تھا۔ دنیا میں ایک طرف ترقی یافتہ معیشتیں نئی ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے دور میں داخل ہو رہی ہیں، جبکہ دوسری طرف کئی ترقی پذیر ممالک قرضوں، غربت، بے روزگاری اور محدود مالی وسائل کے مسائل سے دوچار ہیں۔ ایسے میں ایک ایسا عالمی معاشی نظام ضروری ہے جس میں ترقی کے مواقع صرف چند طاقتور ریاستوں تک محدود نہ رہیں۔ میاں شہباز شریف نے عالمی اداروں میں اصلاحات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ دنیا بدل چکی ہے، لیکن عالمی اداروں کے کئی ڈھانچے اب بھی پرانے عالمی سیاسی توازن کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ عالمی فیصلہ سازی میں ترقی پذیر ممالک کی آواز زیادہ مؤثر ہونی چاہیے اور عالمی اداروں کو زیادہ نمائندہ، منصفانہ اور جواب دہ بنایا جانا چاہیے۔ وزیراعظم نے پاکستان کے امن کے لیے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان طویل عرصے سے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا کردار ادا کرتا آیا ہے۔ پاکستانی فوجی اور شہری اہلکار دنیا کے مختلف حصوں میں امن کے قیام کے لیے خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ اس تناظر میں پاکستان کا مؤقف یہ ہے کہ جس ملک نے خود دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دی ہوں، وہ عالمی امن کی قدر کو سب سے بہتر سمجھتا ہے۔ میاں شہباز شریف کے خطاب کا ایک اہم پہلو مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں مذاکرات اور سفارت کاری پر زور تھا۔ موجودہ حالات میں جنگ کا دائرہ وسیع ہونے کا خطرہ عالمی معیشت اور عام انسان کی زندگی دونوں کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ ایسے وقت میں پاکستان کی جانب سے مکالمے اور کشیدگی میں کمی کی بات اس اصول کی عکاس ہے کہ جنگ کسی بھی تنازع کا آسان آغاز تو ہو سکتی ہے، مگر اس کا اختتام ہمیشہ انسانوں کی قیمت پر ہوتا ہے۔ یہی وہ پس منظر ہے جس میں مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا مکہ جوائنٹ ڈیفنس اگریمنٹ بھی اہم دکھائی دیتا ہے۔ 7 اگست 2026 کو طے پانے والے اس معاہدے کو پاکستان کی وزارت خارجہ نے دفاعی نوعیت کا قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس کا مقصد کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ اجتماعی دفاع، خودمختاری کے تحفظ اور خطے میں امن و استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ مکہ معاہدے کی اصل روح بھی اسی وقت زیادہ واضح ہوتی ہے جب اسے وزیراعظم کے اقوام متحدہ میں امن کے پیغام کے ساتھ دیکھا جائے۔ دفاع مضبوط رکھنا اور جنگ سے بچنے کے لیے سفارت کاری کو فعال رکھنا ایک دوسرے کی نفی نہیں بلکہ ریاستی سلامتی کے دو پہلو ہیں۔ معاہدے کے بعد تینوں ممالک نے علاقائی کشیدگی میں کمی اور بحرانوں کے پرامن حل کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ آج دنیا کو ایسے ہی بیانیے کی ضرورت ہے۔ ایسا بیانیہ جس میں فلسطینی بچے کا درد بھی محسوس کیا جائے، کشمیری کے حق خودارادیت کی بات بھی ہو، مذہبی نفرت کے خلاف آواز بھی بلند ہو، موسمیاتی تباہی کا شکار انسان کے لیے انصاف بھی مانگا جائے اور ترقی پذیر ممالک کو عالمی معاشی نظام میں باوقار مقام بھی دیا جائے۔

محمد علی یزدانی

عراقی پر بس نہ چلا، گدھے کے کان مروڑے

ڈاکٹر سعدیہ بشیر

کہتے ہیں، ایک جنگل میں اچانک کیمرا آ گیا۔ کیمرا کیا آیا، گویا حسرت زدہ پھول بھی کھل اُٹھے اور بنجر زمین سے شورزدہ چشمے بھی پھوٹنے لگے۔ جنگل کے ہر باسی کو اپنی ذات، اپنا حسن، اپنی صلاحیت، اپنی ذہانت اور اپنی خوبی دنیا کے سامنے دکھانے کا موقع مل گیا۔ جو لوگ کل تک گمنامی میں زندگی گزار رہے تھے۔ آج کیمرے کے سامنے آ کر ایسی ایسی ادائیں دکھانے لگے کہ بہت سے لوگوں کو یہ کہنا پڑا کہ “آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں۔” کیونکہ شکایت کو کوئی بھی درخورِ اعتنا نہیں سمجھتا تھا۔ زبان سے سب کہتے تھے کہ ہمیں کیمرے کی کوئی پروا نہیں، مگر کیمرا سامنے آتا تو نظریں خود بخود اس کی طرف اٹھ جاتیں۔ انگلیاں بٹن دبا دیتیں اور یوں، نہ چاہتے ہوئے بھی، واچ ٹائم بڑھتا چلا جاتا۔ کیمرے نے جنگل کے کئی ایسے کرداروں کو بھی مشہور کر دیا جنہیں خود بھی اپنی صلاحیتوں پر صرف شک نہیں بلکہ “پک” تھا۔ خیر و شر کے مصداق حسن و بدصورتی میں کوئی تمیز نہ رہی۔ بہت سوں نے صرف خود کو دکھانے میں دلچسپی لی۔ سب سے زیادہ بندر کی بن آئی۔ بندر چاہے ادرک کا سواد نہ جانتا ہو، مگر ٹک ٹاک سے اس کی خوب آشنائی تھی۔ ٹھوسیاں مارنے میں اس کا جواب تھا اور نہ شیخیاں مارنے میں۔ اس کے ہاتھ ماچس تو نہیں، کیمرے کے ہزارہا گر تھے۔ وہ خود کو Hidden کیمروں میں بھی خوب دکھا سکتا تھا۔ بس ایک گدھا تھا جو خالص گدھا ہی رہا۔ وہ صبح سے شام تک بوجھ اٹھاتا تھا۔ راستوں پر چلتا، دھوپ میں جلتا، بارش میں بھیگتا، تھکتا، ہانپتا، پھر بھی اگلے دن دوبارہ اسی راستے پر نکل آتا۔ جنگل کی بہت سی ضرورتیں صحیفوں کی طرح اس کے کاندھوں پر گویا اتر آئی تھیں مگر کیمرے کی نظر اکثر اس کے پاس سے گزر جاتی تھی۔ اسی جنگل میں ایک گھوڑا بھی تھا۔ گھوڑا خوبصورت تھا، تیز رفتار تھا، اس کی چال میں شان تھی اور کیمرے کو بھی جیسے اس کی عادت پڑ گئی تھی۔ کیمرا اکثر اس کی طرف آتا، اس کی دوڑ دکھاتا، اس کے قدم محفوظ کرتا اور جنگل کے باسی اسے دیکھ کر داد دیتے۔ گدھا گھوڑے کو دیکھتا اور سوچتا۔ کاش! کبھی کیمرا میری طرف بھی اسی طرح آئے۔ کاش! کبھی مجھے بھی موقع ملے کہ میں اپنا ہنر دکھاؤں، اپنی محنت دکھاؤں، اپنی طاقت دکھاؤں۔ کاش کبھی میں بھی گھوڑے کے ساتھ کھڑا ہو سکوں اور ایک تصویر بن جائے جس میں دونوں ایک ہی فریم میں ہوں۔ گدھا گھوڑے کے قریب جانے کی کوشش کرتا رہا۔ کہاوت جو بھی ہو، گدھا گھوڑے کو چھونے کی حسرت میں ناکام الجھتا گدھا ہی رہا۔ وہ کبھی اپنی گردن سیدھی کرتا، کبھی کان کھڑے کرتا، کبھی اپنی چال سنوارتا اور کبھی کیمرے کی طرف دیکھ کر ٹھہر جاتا۔ اسے لگتا شاید اب کیمرا دونوں کو ایک ساتھ دکھائے گا۔ مگر وائے ناکامی! متاع کارواں جاتا رہا۔ جنگل میں گھوڑا، گھوڑا تھا اور گدھا، صرف گدھا۔ دونوں کی حیثیتیں الگ تھیں، دونوں کے فریم الگ تھے، دونوں کے لئے پیمانے الگ تھے۔ یہی جنگل کی مہابھارت تھی۔ گدھا پھر بھی حسرتوں کا بوجھ لیے بھاگتا رہا۔ اسے یقین تھا کہ شاید کسی دن کیمرا اس پر بھی ٹھہرے گا۔ شاید کسی دن دنیا اسے بھی دیکھے گی۔ شاید کسی دن اس کی محنت بھی اتنی ہی اہم سمجھی جائے گی جتنی گھوڑے کی رفتار۔ لیکن گدھا ‘مافیا کا تمغہ’ سجائے مگن، جون ایلیا کو گنگناتا رہا۔ گھوڑا تصویر کے لئے تھا اور گدھا تصویر کے بعد کی دنیا اٹھانے کے لئے۔ سو گدھا آج بھی چل سو چل ہے۔ عراقی کے سارے بوجھ، سب الزام، سب گناہ گدھے پر ڈال کر اسی کے کان مروڑے جاتے۔ کبھی کبھی کیمرا واقعی اس کی طرف آتا بھی تھا۔ گدھا خوشی سے اپنی تھکن بھول جاتا۔ وہ سیدھا کھڑا ہو جاتا، اپنی مشقت دکھانے کی کوشش کرتا۔ زرد چہرے پر اپنے ہی خون سے غازہ ملتا۔ پوز بنانے کی اس کی اوقات نہیں تھی۔ وہ جان جوکھوں میں ڈال کر بھی گدھا ہی رہا۔ کیمرا چلتا رہتا۔ تماشائی دیکھتے رہتے۔ واچ ٹائم بڑھتا رہتا۔ اور گدھا؟ وہ پھر اٹھ کھڑا ہوتا۔ وہ کبھی چلتے چلتے ہار جاتا، کبھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا، کبھی اپنی سانسیں پوری کر کے زمین پر ڈھیر ہو جاتا۔ مگر جنگل کے کیمرے کو اگلے منظر کی جلدی ہوتی۔ گدھا ہر تماشے کا بوجھ اٹھاتا رہا، مگر جب تصویر بنی تو اکثر فریم سے باہر رہا۔ شاید جنگل کی سب سے بڑی ستم ظریفی یہی تھی کہ جسے کیمرے نے کبھی ٹھہر کر نہیں دیکھا۔ وہی کیمرے کے ہر منظر کا بوجھ اٹھاتا رہا جس دن گدھے نے کیمرے کے بجائے اپنے بوجھ کو دیکھ لیا، اس دن جنگل کی پوری تصویر بدل جائے گی اور جس دن وہ بوجھ اٹھانے سے انکار کر دے گا۔ اس دن کیمرے کے پاس دکھانے کو شاید بہت کچھ ہو۔ مگر جنگل کے پاس چلنے کو کچھ نہیں ہوگا۔

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

ازیں چلانے کی ہدایت کر دی۔ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان اقتصادی تعلقات کے نئے دور کا آغاز ہو گیا، دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم ایک کروڑ 30 لاکھ ڈالرز سے 20 کروڑ ڈالرز تک پہنچانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ پاکستان مالدیپ بزنس فورم میں دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے جہاں وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا مالدیپ اور پاکستان کے درمیان میری ٹائم شپنگ ضروری ہے۔ مالدیپ کے صدر نے پاکستانی کمپنیوں کو مالدیپ میں نئی ٹیکنالوجی لانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے لیے اقتصادی مواقع موجود ہیں، تعلیم، سیاحت سمیت بہت سے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع ہیں۔

بقیہ 2

کے لیے بہتر معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعہ کو یہاں عالمی بینک کے مشرقِ وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (میناپ) کے لیے خوشحالی کے شعبے کے علاقائی ڈائریکٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات میں پاکستان میں عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولور ما امگابازار اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ڈویژن ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے معاشی اصلاحات کے ایجنڈے، استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب منتقلی اور سرمایہ کاری و نجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سندیپ مہاجن نے پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی پر مبارک باد دی اور علاقائی تنازعے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالیہ بحران سے حکومت کے مؤثر طور پر نمٹنے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کی کوششوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مالیاتی تحفظات اور بروقت پالیسی اقدامات نے پاکستان کو بیرونی دباؤ سے نمٹنے میں مدد دی۔ عالمی بینک کے نمائندوں نے ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کے لیے اصلاحات کا تسلسل اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی ترجیح معاشی استحکام کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنانا اور اسے پائیدار، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے ہیں جن کی مدت ادائیگی پانچ اور دس سال ہے، جس کے ذریعے عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے لیے پیش رفت کی راہ ہموار کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور خود مختار کریڈٹ پروفائل بہتر کرنے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ وزیر خزانہ نے ایک قابل اعتماد عبوری لائحہ عمل کی اہمیت پر زور دیا، جو مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے، بیرونی شعبے کی کمزوریوں سے نمٹنے اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری پر مبنی ذمہ دارانہ اور پائیدار ترقی کی بنیادیں مضبوط بنانے میں معاون ہو۔ اس ضمن میں بیرونی خطرات کے مؤثر انتظام اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو تقویت دینے کے لیے مالیاتی فریم ورک اور پالیسیوں کی ساکھ بہتر بنانے کے حوالے سے بین الاقوامی تجربات سے استفادے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں پائیدار معاشی پیش رفت کے لیے پالیسیوں کے تسلسل کو بھی بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا گیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ سرمایہ کاری اور پیداواری صلاحیت کا انحصار قابلِ پیش گوئی پالیسی ماحول اور پالیسیوں پر مستقل عملدرآمد پر ہے۔ وزیر خزانہ اور عالمی بینک کے نمائندوں نے حکومت کے معاشی ترقی اور روزگار کے ایجنڈے پر بھی تبادلہ خیال کیا جس میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری بڑھانے، ضابطہ جاتی ماحول بہتر بنانے اور انفراسٹرکچر کے لیے مالی وسائل متحرک کرنے کے مواقع شامل تھے۔ گفتگو میں نجکاری، واضح ضابطہ جاتی فریم ورک اور نجکاری کے بعد قابل اعتماد انتظامات کی اہمیت، نیز موزوں مالیاتی ڈھانچوں اور ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے انفراسٹرکچر کے منصوبے تیار کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ورلڈ بینک کے درمیان مسلسل تعاون کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔ اس تعاون کا مشترکہ مقصد معاشی استحکام کو برقرار رکھنا، ساختی اصلاحات کو آگے بڑھانا، پالیسیوں کے تسلسل کو مضبوط بنانا اور اصلاحات کے ثمرات کو سرمایہ کاری، روزگار اور عوام کے لیے بہتر معاشی مواقع میں تبدیل کرنا ہے۔

بقیہ 3

جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ دہشت گردی کے ذریعے عوام کو خوفزدہ کرنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گرد بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ صوبے کی تعمیر و ترقی اور عوام کے روشن مستقبل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے والے عناصر بلوچستان کی ترقی کا سفر نہیں روک سکتے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے اور بلوچستان میں امن، خوشحالی اور ترقی کے سفر کو متاثر کرنے کی کسی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 4

عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر کے کیس کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابو الحسنات محمد ذوالقرنین نے سماعت کی۔ کیس کی مزید سماعت 7 نومبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے اسد قیصر کی گزشتہ سماعت پر عدم پیشی پر ضمانت منسوخ کر دی تھی۔

بقیہ 5

ہے کہ گوادر میں آپریشن مکمل کر کے امن و امان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے، دہشت گرد بلوچ خواتین کو پروپیگنڈے اور عوامی جذبات بھڑکانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا تھا، عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 6

کہ فیلڈ مارشل نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کا اعتراف کیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ دہشتگرد جہاں بھی ہوں گے بھرپور ضرب لگائیں گے، بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد تنظیموں کے خلاف کارروائیاں پوری شدت سے جاری رکھیں گے، عوام کی حمایت سے پاکستان دہشتگردوں اور ان کے گمراہ کن نظریے کو مکمل شکست دے گا۔ چیئرمین ڈیفنس فورسز کا کہنا تھا کہ پاکستان کے عوام، شہداء اور سیکیورٹی فورسز کے غازیوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 7

ہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے۔ اوٹاوا میں پاکستانی ہائی کمیشن کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) اور رائل کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز آف کینیڈا (RCPSC) کے وفود کی میزبانی کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل جبکہ کینیڈین وفد کی سربراہی آر سی پی ایس سی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر کرسٹوفر واٹلنگ نے کی۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم و تربیت، ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں بہترین تجربات اور طریقہ کار کے تبادلے کے لیے تعاون کریں گے۔

بقیہ 8

سنگین جرائم کے مجرمان کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاستی اداروں کا فرض ہے جبکہ مجرموں کے فیئر اور فوری عدالتی ٹرائل کے ذریعے انھیں سزائیں دینا عدلیہ کی ذمہ داری ہے۔ سعد رفیق نے کہا پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے، انصاف کی فراہمی کیلئے غیر معمولی تاخیر اور رکاوٹیں ہیں مدعی یا متاثرہ فریق کی کوئی شنوائی ہے نہ انہیں کوئی تحفظ حاصل ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ عام آدمی کو انصاف نہیں مل رہا، نتیجتاً قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے از خود عدالتی کردار سنبھال لیا ہے عدالتی عمل کے بغیر سزائیں معمول بن رہا ہے۔ سعد رفیق کا کہنا تھا یہ سلسلہ جاری رہا تو کوئی بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا، موثر نظام عدل قائم نہ کیا گیا تو بات قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہر طاقتور کے ہاتھ میں چلی جائیگی، لوگ چوک چوراہوں اور گلیوں، بازاروں میں اپنی عدالتیں لگائیں گے، اس وقت سے بچا جائے۔

بقیہ 9

اقتصادی ماہرین سے مشاورت کے لیے پُرعزم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اقتصادی اور مالیاتی استحکام کا مشکل ہدف حاصل کرنے کے بعد حکومت گہری اور بنیادی نوعیت کی ادارہ جاتی اقتصادی اصلاحات کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جن کا مقصد برآمدات پر مبنی ترقی اور پیداواری معیشت کے نئے دور کا آغاز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قومی صنعت و پیداوار کی کارکردگی اور استعدادِ کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، جبکہ براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محمد شہباز شریف نے بتایا کہ حکومت سرکاری ملکیتی اداروں کی معاشی افادیت اور پائیداری کا جائزہ لینے کے لیے فعال حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہے، جس کے تحت قومی معیشت کی بہتری اور اقتصادی ترقی کے لیے ان اداروں کی نجکاری کی جا رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی ترقی کے عمل کو مؤثر اور تیز رفتار بنانے کے لیے ماہرین کی ٹیم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی حامل افرادی قوت اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستان اقتصادی ترقی کو مستحکم کرنے کے لیے مؤثر اور فعال بین الاقوامی مشاورتی فرموں کے ساتھ نتیجہ خیز شراکت داری کے لیے تیار ہے۔ الوریز اینڈ مارسل کے مینجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریگز نے ملاقات کا موقع فراہم کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور عالمی اقتصادی ماہرین کے ساتھ روابط قائم کرنے کے لیے حکومت پاکستان کے عزم کو سراہا۔ پیٹر بریگز نے پاکستان میں کاروبار کے لیے سازگار ماحول کے فروغ اور پیداواری معیشت کے قیام کے لیے اپنی فرم کی جانب سے تعاون اور مؤثر رابطہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام شریک ہوئے۔ الوریز اینڈ مارسل کی جانب سے دبئی کے مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر رضا باقر، لندن کے مینجنگ ڈائریکٹر طارق حمید اور استنبول کے مینجنگ ڈائریکٹر انور اوکوتور بھی وفد میں شامل تھے۔

بقیہ 10

گا۔ اپنے بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ بروقت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے ایک بڑے خطرے کا سدباب کیا گیا، جو قومی سلامتی کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے عوام کے عزم اور ریاستی اداروں کی مضبوطی کو کمزور نہیں کر سکتے۔ فتنہ الہندوستان سے وابستہ عناصر بھی صوبے کے امن اور ترقی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی اور تخریب کاری کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوششیں ناکام بنائی جاتی رہیں گی۔ گوادر میں کامیاب کارروائی کے ذریعے امن دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا گیا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ بابر یوسفزئی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں اور دہشت گرد عناصر عوام کی خواہشات کو یرغمال نہیں بنا سکتے۔ صوبے کی معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کا تسلسل ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہے، جبکہ دہشت گردی کے خاتمے اور امن دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 11

باضابطہ ہدایات جاری کر دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلا شبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی۔ اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے صوابدیدی اختیارات کو مکمل طور پر ضابطے کا پابند بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو تحفظ ملے اور ساتھ ہی ساتھ بجلی چوری کے خلاف ایمانداری سے فرائض انجام دینے والے افسران کے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ وفاقی وزیر کی ہدایات کی روشنی میں پاور ڈویژن تمام ڈسکوز کو پابند کر رہی ہے کہ اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی۔ فیلڈ عملے یا ایس ڈی اوز کی جانب سے دستی اور من مانے ڈیٹیکشن بل جاری کرنے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ مینوئل طریقے سے بل ڈالنے کے عمل کو باضابطہ طور پر سنگین مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بڑی سزائیں دی جائیں گی۔

بقیہ 12

گئے۔ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لیا اور ہسپتال منتقل کیا۔ ضابطے کی ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد دونوں مقتولین کی لاشیں ان کے آبائی علاقے ڈیرہ اللہ یار روانہ کر دی گئی ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 13

روزانہ صبح 9 سے 10 بجے تک ٹوکن ہڑتال کی جائے گی، جبکہ نجی ہسپتالوں، کلینکس اور لیبارٹریز میں تمام الیکٹو سروسز مکمل طور پر بند رہیں گی۔ تاہم، انسانی جانوں کے تحفظ کے پیشِ نظر تمام ایمرجنسی، آئی سی یو، ان ڈور اور لیبر روم کی خدمات بدستور بحال رہیں گی۔ پی ایم اے رہنماؤں نے اپنے مؤقف میں کہا ہے کہ طبی خدمات کو تجارتی سرگرمی قرار دینا، پی او ایس (POS) سسٹم کی جبری تنصیب اور نجی ہسپتالوں پر چھاپے ڈاکٹروں کو ہراساں کرنے کے مترادف ہیں۔ ایک ہی شعبے پر وفاقی و صوبائی سطح پر دوہرا ٹیکس عوام اور مریض دشمن اقدام ہے جس سے غریب عوام کے لیے علاج مزید مہنگا ہو جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ مطالبات کی منظوری اور ٹیکس شرائط کے مکمل خاتمے تک ہڑتال جاری رہے گی۔

بقیہ 14

ریسکیو ٹیمیں ضلعی انتظامیہ اور مقامی افراد موقع پر پہنچ گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا۔ انچارج ایدھی لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی کے مطابق زخمی ہونے والے 22 افراد میں سے 7 کی حالت تشویش ناک ہے، جنہیں ٹراما سینٹر کراچی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 15

بلوچستان کے امن و استحکام کے خلاف سازشیں صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے امن کا قیام ناگزیر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بلوچ خواتین کے وقار کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا قابل مذمت ہے۔

بقیہ 16

پرمٹس کی تجدید اور کانٹریکٹ کی درستگی کے لیے مقررہ طریقہ کار کے مطابق ضروری کارروائی مکمل کریں۔ جس کے مطابق کوئٹہ سے کراچی، سکھر، ڈیرہ غازی خان، کوئٹہ سے خضدار، قلات اور دیگر متعلقہ روٹس پر چلنے والی گڈز ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے مالکان کو اپنے روٹ پرمٹس کی تجدید اور کانٹریکٹ میں ضروری تبدیلیاں کروانا ہوں گی۔ اس کے علاوہ صوبہ بلوچستان کے مکمل ایریا یا ریجنل روٹ پرمٹ کے حصول کے لیے متعلقہ گیارہ (11) ڈویژنز کی تجدید اور کانٹریکٹ کی درستگی بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔ تمام گڈز ٹرانسپورٹ مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ نوٹس میں دی گئی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 اور موٹر وہیکل رولز 1969 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 17

گوشت 12.20 فیصد مہنگا ہوا۔ رپورٹ کے مطابق پیاز کی قیمت میں 4.19 فیصد، شرٹنگ کپڑے میں 1.86 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی میں 1.66 فیصد اضافہ ہوا، آٹے کی قیمت بھی ہفتہ وار بنیادوں پر ایک فیصد بڑھ گئی۔ اس کے علاوہ لہسن، جلانے کی لکڑی اور گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 18

ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ شہریوں کی جانب سے کھلی کچہریوں میں پیش کی جانے والی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ سرکاری اراضی، فٹ پاتھوں اور عوامی راستوں پر غیر قانونی تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔ شہریوں کی سہولت میں رکاوٹ بننے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 19

التواء شکایات و مقدمات پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے صوبائی محتسب کو زیر کارروائی مقدمات، ان کی موجودہ صورتحال اور تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ اس موقع پر صوبائی محتسب نے افسران سے مقدمات کی مؤثر پیروی، شکایات کے بروقت ازالے اور دفتری امور میں مزید بہتری کے حوالے سے تجاویز اور آراء بھی طلب کیں۔ صوبائی محتسب بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ عوامی شکایات کو قانون اور میرٹ کے مطابق نمٹانے، شفافیت کو یقینی بنانے اور سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔ اجلاس میں مقدمات کی پیش رفت کا جائزہ لینے اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 20

گزارش ہے کہ اپنی تصاویر کسی سے ہرگز شیئر نہ کریں خواتین کی ویڈیوز اور تصاویر کو فیک بنا کر ملزمان انہیں بلیک میل کرتے ہیں، بلیک میلنگ کے معاملات میں بچیوں کے خودکشیاں کر لیں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراساں کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں۔

بقیہ 21

ورک اشد ضروری ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذربائیجان کے ساتھ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی اشد ضرورت ہے، انہوں نے اپنے حالیہ دورہ آذربائیجان کی خوشگوار یادوں کا ذکر کرتے ہوئے مستقبل میں باہمی شراکت داری سے بڑی توقعات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان مختلف اقتصادی شعبوں میں، جہاں وسیع امکانات موجود ہیں، دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے آذربائیجان کے سفیر عرفان داوودوف نے پاکستان کے ساتھ سفارتی و اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے آذربائیجان کے عزم کا اظہار کیا۔ خوشگوار جملوں کا تبادلہ کرتے ہوئے سفیر موصوف نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اپنے ملک کی قائم کردہ مضبوط بنیادوں اور روایات کو آگے بڑھائیں گے۔ ملاقات میں پاکستان میں ؟ آذربائیجان کے سابق سفیر خضر فرہادوف کی کامیاب سفارتی مدت کا بھی احسن انداز میں اعتراف کیا گیا اور دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو استوار کرنے میں ان کی خدمات کو سراہا گیا۔

بقیہ 22

اللہ نے لنک بادینی روڈ اور بوسہ منڈی، ایسٹرن بائی پاس پر پرائس کنٹرول آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران 11 دکانوں کا معائنہ کیا گیا جبکہ مقررہ نرخوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے پر 5 دکانداروں کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے، قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور گرانفروشی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 23

سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنا متعلقہ عملے کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا ڈاکٹرز اور دیگر عملہ اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ہمدردی سے پیش آئے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور طبی سہولیات کی دستیابی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کو علاج کے حصول کے دوران مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 24

بنانے کے لیے نیلامی کے عمل میں متعلقہ فریقوں کو شامل کیا جائے گا، انہوں نے امید ظاہر کی کہ سعودی سرمایہ کار بھی پاکستان میں رہائشی اور تفریحی منصوبوں میں سرمایہ کاری کریں گے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ حکومت سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور منصوبوں کی منظوری کے عمل کو تیز کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 25

اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے آٹے کی مختلف دکانوں کا اچانک معائنہ کیا۔ چیکنگ کے دوران ناپ تول میں کمی پائے جانے پر متعلقہ دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ آٹے کی فروخت میں مقررہ وزن اور ناپ تول کے اصولوں پر عمل کریں اور عوام کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہ کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناپ تول میں کمی اور عوام کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ آئندہ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اور ضلعی انتظامیہ بارکھان عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ کی مقررہ وزن کے مطابق فراہمی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا عمل جاری رکھے گی۔

بقیہ 26

انہوں نے محکمہ صحت میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور سرکاری امور کی مؤثر انجام دہی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے بھی اجلاس کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راشدہ ملک نے سول ہسپتال تربت کی کارکردگی، طبی سہولیات کی فراہمی اور ہسپتال کے انتظامی امور کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی

بقیہ 27

اپنا اپنا طریقہ کار ہے، پاکستان اور سعودی عرب اپنا طریقہ کار مکمل کر چکے ہیں، ترکیے اپنی پارلیمنٹ سے اس کی توسیع کر رہا ہے، مکہ دفاعی معاہدے کا جو مسودہ باہر آ چکا ہے ہم اس کو انڈورس کر رہے ہیں، پاکستان عالمی برادری کا اہم رکن ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں شریک ہے، اسحاق ڈار نے مصر، ایران کے وزرائے خارجہ سے رابطہ کیا، وزیر خارجہ اسحاق ڈار آرفور اجلاس میں شرکت کے لیے ترکیہ پہنچ چکے ہیں، آرفور کے بعد آرفور پلس ای تھری اجلاس ہو گا۔ یہ اس فارمیٹ کا پہلا اجلاس ہو گا۔

بقیہ 28

اعلی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، استحکام اور معاشی ترقی کو سبوتاژ کرنے والی سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔ میر ضیا اللہ لانگو نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر اس ناسور کا جڑ سے خاتمہ کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 29

دیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی چیئرپرسن سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی دعوت پر فورم فار ڈگنیٹی انیشی ایٹوز (FDI) کا 36 رکنی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا اور سینیٹ کی کارروائی کا مشاہدہ کیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید سیدال خان نے وفد کا ایوان میں خیر مقدم کیا۔ آنے والے مہمانوں نے طلباء اور نوجوانوں کو پارلیمانی کارروائی سے روشناس کرانے کے لیے سینیٹ سیکرٹریٹ کے اقدام کو سراہا اور اس تجربے کو جمہوری شعور اور ریاستی اداروں کے فہم کو فروغ دینے کے لیے معلوماتی اور مفید قرار دیا۔

بقیہ 30

کر دیا ہے عوام کے مسائل سے اپنے آپ کو آگاہ کرنے کیلئے ہر وقت عوام کے درمیان رہتا ہوں کیونکہ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم عوام کے مسائل سے خود کو باخبر رکھیں عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے کیونکہ جب بلوچستان خوشحال ہو گا تو پاکستان خوشحال ہو گا عوام نے ہم سے ہے اور ہم عوام سے ہیں عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم کبھی کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔

بقیہ 31

سی خضدار 1993 میں قائم ہوا اور 1994 میں یہاں باقاعدہ داخلے شروع ہوئے۔ اس وقت ادارے میں 322 طلبا ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت تک زیر تعلیم ہیں۔ یہ ادارہ شروع دن سے خضدار سمیت پورے بلوچستان کے لیے معیاری تعلیم کا مرکز بنا ہوا ہے۔ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ہم تعلیم کے ساتھ ہیں اور بی آر سی کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہیں۔ بی آر سی کا کردار خضدار کی تعلیمی ترقی میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور یہ ادارہ ہزاروں طلبا کا مستقبل سنوار چکا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ نئے پرنسپل ادارے کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھیں گے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران کالج میں واضح بہتری دیکھنے میں آئی ہے، جس سے والدین اور شہری حلقوں میں اطمینان پایا جاتا ہے۔ دورے کے دوران بی آر سی کے پرنسپل نیک محمد نے کمیٹی کے ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ شہری ایکشن کمیٹی نے کالج کا دورہ کیا، اس سے میرا حوصلہ بڑھا ہے اور ہم مل کر اس ادارے کو مزید بہتر بنائیں گے۔ وفد میں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ، سفر خان مینگل، میر عبدالرحمٰن زہری عبدالقدیر زہری، میر جمعہ خان شکرانی، ادریس زہری، حاجی محمد اقبال لانگو، ممتاز احمد، جمیل احمد غلامانی سمیت دیگر شامل تھے۔ چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ میر عبدالرحمٰن زہری جمعہ خان شکرانی نے کہا کہ بلوچستان ریذیڈنشل کالج خضدار ہمارے ضلع کا قیمتی تعلیمی سرمایہ ہے۔ 1993 میں قائم ہونے والا یہ ادارہ آج بھی معیار کی علامت ہے، ہم نے کلاس رومز، کمپیوٹر لیب اور میس کا وزٹ کیا ہے، بچوں میں تعلیم کا جذبہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے۔ عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ بی آر سی کا رول انتہائی اہمیت کا حامل ہے، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی تعلیم کے ساتھ ہے اور ہم بی آر سی انتظامیہ کے ساتھ ہر تعاون کے لیے تیار ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ نئے پرنسپل ادارے کے معیار کو نہ صرف برقرار رکھیں گے بلکہ اسے مزید بہتر بنائیں گے، ایک مہینے میں واضح بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ بی آر سی خضدار کو مزید سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ یہاں کے طلبا کو بہترین تعلیمی ماحول مل سکے۔ ہم شہریوں کی جانب سے پرنسپل اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ پرنسپل بی آر سی خضدار نیک محمد نے کہا کہ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین اور ارکان کے دورے پر میں ان کا شکر گزار ہوں۔ آپ لوگوں کے آنے سے میرا حوصلہ بڑھا ہے اور مجھے خوشی ہے کہ شہری سطح پر اس ادارے کا خیال رکھا جا رہا ہے۔ نیک محمد نے کہا کہ ہماری پوری کوشش ہے کہ بی آر سی کے تعلیمی معیار، ڈسپلن اور سہولیات کو مزید بہتر بنائیں، انشاءاللہ ہم طلبا کو وہ ماحول دیں گے جس سے وہ ملک بھر میں خضدار کا نام روشن کر سکیں۔

بقیہ 32

خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اواور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

بقیہ 33

ان کی دسترس پر تمام سہولیات فراہم کرینگے غریب عوام کو مفت ادویات سمیت بہترین علاج و معالجے کیلئے کوشاں ہیں اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 34

بائیوٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ اجلاس میں گوادر یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران نے بحری مطالعات اور سمندری تحقیق میں اپنے اپنے شعبوں کے ممکنہ کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں اداروں نے مشترکہ تحقیقی منصوبوں اور باہمی دلچسپی کے دیگر علمی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس کے اختتام پر جامعہ گوادر کے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان نے NIMA پاکستان کے تعاون اور طلبہ کے لیے انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کے عزم پر شکریہ ادا کیا۔ دونوں اداروں نے انٹرن شپ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے، طلبہ کے انتخاب اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی نشاندہی کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس تعاون سے گوادر اور دیگر علاقوں میں طلبہ کے لیے عملی تعلیمی مواقع، بین الشعبہ جاتی تحقیق اور بحری امور سے متعلق علمی سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 35

ہوئے، ہلاک ملزمان کی شناخت صابر اور شعیب کے ناموں سے ہوئی۔ ہلاک ملزمان قتل، کار لفٹنگ اور کروڑوں روپوں کی ڈکیتیوں میں ملوث تھے۔ کورنگی 6 نمبر کے قریب دو ڈاکو مقابلے میں ہلاک ہوئے، بفرزون ڈی سی آفس کے قریب پولیس مقابلے میں دو ڈاکو مارے گئے، شاہ فیصل کالونی نمبر 5 کے قریب پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک ہوا۔ مقابلے کے دوران ڈاکو کی فائرنگ سے پولیس اہلکار یاسین زخمی بھی ہوا۔ نارتھ کراچی میں پولیس مقابلے میں دو ڈاکو انجام کو پہنچے، ملیر عمار یاسر ٹاور کے قریب پولیس مقابلے میں ملزم تنویر ہلاک ہوا۔

بقیہ 36

۔ اس افسوس ناک واقعے پر اہلِ خانہ اور علاقے کے لوگوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ علاقے کے عوام نے پشین ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری اور مسلح وارداتوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 37

مذموم عزائم کو بروقت کارروائی کر کے ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر اور ناز ہے۔ وزیر داخلہ نے دوٹوک الفاظ میں تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے امن اور تعمیر و ترقی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے والے ملک دشمن عناصر اور دہشت گردوں کا انجام صرف اور صرف عبرتناک موت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری اس جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 38

جیسے دیرینہ مسائل کو مؤثر انداز میں معزز اراکین اسمبلی کے سامنے اجاگر کریں گے۔ اعلامیے میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ بلدیاتی ادارے جمہوریت کی بنیادی اکائی ہیں، لیکن وسائل کی کمی کے باعث عوامی خدمت کا عمل رک چکا ہے۔ لہٰذا تمام نمائندگان ذاتی اور سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہوں اور مقررہ تاریخ پر کوئٹہ پریس کلب پہنچ کر اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے آواز بلند کریں۔

بقیہ 39

غیر موزوں شیڈول کے باعث شہری صبح نماز کے وقت بجلی سے محروم رہتے ہیں، جبکہ صبح سویرے اسکول جانے والے بچوں کو بھی تیاری میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ اسی طرح شام کے اوقات میں بجلی کی عدم فراہمی سے تاجر اور گھریلو صارفین اندھیرے میں بجلی کی بحالی کے منتظر رہتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی فراہمی کے لیے ایسا شیڈول مرتب کیا جانا چاہیے جو عوام کی بنیادی ضروریات، کاروباری سرگرمیوں اور طلبہ کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھے۔ موجودہ صورتحال نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے خبردار کیا ہے کہ اگر دالبندین میں بجلی کی فراہمی کا شیڈول فوری طور پر درست نہ کیا گیا تو وہ ایس ڈی او اور گرڈ اسٹیشن آفس کے سامنے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہو گی۔ انہوں نے چیف کیسکو، وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی ایف سی ویسٹ اور ایم پی اے چاغی سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے، متعلقہ افسر کو طلب کر کے عوامی مشکلات کے حوالے سے جواب طلبی کی جائے اور بجلی کی فراہمی میں بہتری لائی جائے۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اگر متعلقہ افسر عوامی ضروریات کے مطابق بجلی کی فراہمی یقینی بنانے میں ناکام ہیں تو ان کا فوری تبادلہ کیا جائے تاکہ دالبندین کے شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔

بقیہ 40

دسمبر کو ہو گی۔ الیکشن کمیشن نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو ہدایات پر من و عن عملدرآمد کا حکم دیا اور ہدایت دی کہ تمام ریٹرننگ افسران کو دفاتر، عملہ، سامان اور ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے، تمام لائن ڈیپارٹمنٹس سے پولنگ اسٹاف کے لیے سرکاری افسران کی فہرست فراہم کی جائے، پولنگ اسٹیشنز کے لیے نوٹیفائیڈ عمارتوں کو اچھی حالت میں رکھا جائے۔ ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کے لیے ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کو مکمل معاونت فراہم کی جائے، پری پول، پول ڈے اور پوسٹ پول پر آر اوز کے دفاتر کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے، الیکشن میٹریل اور پولنگ اسٹاف کی ترسیل کے لیے جامع ٹرانسپورٹ پلان بنایا جائے، الیکشن میٹریل کی بلک بریکنگ اور ترسیل کے لیے کافی عملہ فراہم کیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہدایات پر عمل میں غفلت پر الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 55 کے تحت کارروائی ہو گی، ہدایات ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ الیکشنز چوہدری ندیم قاسم نے جاری کیں۔

بقیہ 41

خوف و ہراس پھیل گیا۔ دالبندین میں زلزلے کی شدت 1 . 5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا جبکہ گہرائی 53 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 42

یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر عوامی و سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد کی آمد اس بات کی ثبوت ہے کہ عوامی نمائندوں اور شہریوں کے درمیان براہِ راست رابطہ عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 43

نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم عمران ولد ڈاکٹر گلاب خان (قوم کاکڑ، ساکن شہباز ٹاؤن کوئٹہ) کو گرفتار کیا۔ گرفتاری کے وقت ملزم کے قبضے سے 1 عدد موٹر سائیکل، 5 عدد ٹریکر اور گاڑیوں کے ٹریکر سسٹمز ڈس ایبل کرنے والے آلات برآمد کیے گئے۔ ابتدائی تفتیش اور دورانِ انٹروگیشن ملزم عمران نے سنسنی خیز انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اپنے دیگر ساتھیوں آفتاب حسین عرف قیصر عرف عبدالہادی (ولد امیر جانان، قوم خٹک، ساکن راولپنڈی) اور ثنا اللہ (ولد عبدالستار، قوم صافی، ساکن لورالائی حال ڈیرہ غازی خان) کے ہمراہ ایک منظم نیٹ ورک چلا رہا تھا۔ یہ گروہ پاکستان کے مختلف شہروں سے رینٹ اے کار کی بنیاد پر جدید گاڑیاں حاصل کرتا، پھر انہیں کوئٹہ لا کر ان کے اصل ٹریکر نکال کر موٹر سائیکلوں پر نصب کر دیتا تھا تاکہ آن لائن لوکیشن برقرار رہے، جس کے بعد وہ ان گاڑیوں کو آگے فروخت کر دیتے تھے۔ ملزم کے نشاندہی اور انکشافات پر خروٹ آباد پولیس نے فوری ریڈ کرتے ہوئے دیگر ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کی نشاندہی پر 3 اہم گاڑیاں چنگان کیری ڈبہ (رجسٹریشن نمبر DKW-142)، چنگان کیری ڈبہ (رجسٹریشن نمبر: AUZ-950) اور ایک آلٹو ٹرمپ گاڑی برآمد کر لیں۔ اس کے علاوہ ایک اور چوری شدہ ویگو جیپ (رجسٹریشن نمبر: BDB-143) کے حوالے سے ملزمان کی نشاندہی پر اسلام آباد پولیس کو فوری مطلع کر کے وہاں سے گاڑی برآمد کروائی گئی۔ کوئٹہ پولیس کے اعلیٰ حکام نے اس بین الصوبائی گروہ کو بے نقاب کرنے پر ایس ایچ او خروٹ آباد اور ان کی ٹیم کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔

بقیہ 44

اپنے بیان میں کہا کہ دشمن نے اپنے اہداف 13 حصوں میں تقسیم کیے لیکن کوئی مقصد حاصل نہ کر سکا، خطے میں امریکی فوجی موجودگی امن کی ضمانت نہ بن سکی بلکہ امریکی فوجی اڈے سکیورٹی کے بجائے عدم تحفظ کا سبب بن گئے۔ حسین محبی کا کہنا تھا کہ جنگ نے امریکی انٹیلی جنس کی برتری کے دعوؤں پر سوالات اٹھا دیے، امریکی انٹیلی جنس مراکز اور فوجی اڈوں کی کمزوریاں بے نقاب ہوئیں، امریکی جنگی طیاروں کو نشانہ بنانے اور فضائی دفاعی نظام تباہ ہونے سے امریکی برتری متاثر ہوئی۔ ترجمان پاسداران انقلاب نے مزید کہا کہ ایران جنگ سے امریکا کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچا جبکہ میناب سکول کو نشانہ بنانے سے امریکا کی ساکھ مزید متاثر ہوئی۔

بقیہ 45

حقائق سامنے آ سکیں اور ذمہ داری کا تعین کیا جا سکے۔ ایسے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظر انداز کرنا مناسب نہیں، کیونکہ سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد قانون کی یکساں عملداری اور اہلکاروں کے ذمہ دارانہ طرزِ عمل سے وابستہ ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اس معاملے کی پیروی جاری رکھیں گی تاکہ جواب دہی کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر شہری کی عزت و وقار کا تحفظ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی سرکاری عہدے یا منصب کو قانون سے استثنیٰ حاصل نہیں اور تمام متعلقہ افراد کو اپنے طرزِ عمل کے حوالے سے جواب دہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمان اور اس کے اراکین کے استحقاق کا احترام جمہوری اداروں کے وقار اور مؤثر نظامِ حکمرانی کے لیے ضروری ہے۔ قانون کی بالادستی ادارہ جاتی ذمہ داری اور شہریوں کے ساتھ باعزت سلوک کو یقینی بنانا تمام سرکاری اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اس معاملے کو متعلقہ فورم پر اٹھاتی رہیں گی یہاں تک کہ جواب دہی اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 46

بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ حکومت اس حوالے سے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے' میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں جاری سڑکوں کی تعمیر، توسیع اور مرمت کے منصوبوں پر پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ متعلقہ محکموں اور افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں' صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ عوامی نمائندے اور حکومت عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں۔ حلقہ انتخاب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں سڑکوں اور مواصلاتی سہولیات کی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو مایوس نہیں کیا جائے گا اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا' انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ان علاقوں کے عوام کو تعلیم، صحت، تجارت اور دیگر بنیادی سہولیات تک رسائی میں آسانی ہو۔ حکومت کا مقصد ایسا مواصلاتی نیٹ ورک تشکیل دینا ہے جو بلوچستان کے مختلف علاقوں کو ایک دوسرے سے بہتر انداز میں منسلک کرے' میر سلیم کھوسہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں میں شفافیت، معیار اور پائیداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچنے چاہئیں اور سرکاری وسائل کا درست اور شفاف استعمال حکومت کی ذمہ داری ہے' صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے امن و امان کے ساتھ ساتھ مضبوط انفراسٹرکچر بھی ناگزیر ہے۔ حکومت ترقیاتی عمل کو جاری رکھتے ہوئے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی سہولیات میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ **عوام کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں، عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور ترقیاتی کاموں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی' میر سلیم کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر سڑکوں، مضبوط مواصلاتی نظام اور جدید بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کے لیے حکومت اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 47

ملاقات سے پہلے دونوں مذاکراتی کمیٹیاں بعض معاملات پر اتفاق رائے پیدا کریں۔ جماعت اسلامی نے حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے سامنے اپنی تجاویز رکھ دی ہیں، جن پر پیش رفت ضروری ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور ٹیکسوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہنا تھا کہ اس وقت پٹرول کی قیمت 242 روپے 66 پیسے فی لیٹر جبکہ ڈیزل کی قیمت 246 روپے 80 پیسے فی لیٹر ہے، حکومت فی لیٹر پٹرول پر ٹیکسوں کی مد میں 162 روپے اضافی جبکہ ڈیزل پر 148 روپے وصول کر رہی ہے۔

بقیہ 48

مدینہ اور مرکزی امام بارگاہ گاں میہر شاہ سمیت دیگر عبادت گاہوں پر پولیس کے مسلح جوانوں کو سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور کیا گیا۔ اس کے علاوہ شہر کے حساس علاقوں اور شاہراہوں پر پولیس موبائلز کی گشت میں اضافہ کیا گیا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹا جا سکے۔ پولیس حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو پرامن ماحول میں عبادت کی سہولت فراہم کرنا اور ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے۔

بقیہ 49

وابستہ دہشت گرد بلوچستان میں بدامنی پھیلا کر صوبے کی تعمیر و ترقی کے سفر کو روکنے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ترقی اور خوشحالی کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوششوں کو ناکام بنایا جاتا رہے گا۔ سکیورٹی فورسز کا عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں دہشت گردوں کے لیے واضح پیغام ہیں کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے دشمن اپنے مذموم مقاصد حاصل نہیں کر سکیں گے۔ شاہد رند نے مزید کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی اتحاد ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے سفر کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 50

سینکڑوں خاندان اجڑ گئے انہوں نے عام مسافروں سے پر زور اپیل کی کہ وہ گاڑیوں کی چھتوں پر سفر کرنے سے گریز کریں کیونکہ آپ کی زندگی صرف آپ کی نہیں بلکہ پورے خاندان کی زندگی سے وابستہ ہے ٹریفک سارجنٹ نیاز احمد بزدار نے تنبیہ کی کہ ٹرانسپورٹرز کو چند روپے کے اضافی منافع کی خاطر مسافروں کی جانوں سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 51

میں ملوث 2 ملزمان کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 عدد موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا 30 بور پستول بمعہ 3 عدد زندہ کارتوس برآمد کر لیے۔ مزید برآں، حب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اصل مالک کے حوالے کر دی۔ ایس ایس پی حب مرزا بلال کا کہنا ہے کہ ضلع حب میں عوامی تحفظ، امن و امان کی بحالی اور جرائم پیشہ عناصر کے قلع قمع کے لیے آپریشنز کا سلسلہ بلاتفریق جاری رہے گا۔

بقیہ 52

ہیں کہ انتظامی ڈھانچے کو عوام کی ضروریات کے مطابق تشکیل دیا جائے۔ چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام سے سول حکومت اور مختلف محکموں تک عوام کی رسائی آسان ہو گی اور سرکاری امور کی انجام دہی میں بہتری آئے گی۔ کہانہوں نے کہا کہ ملک میں چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام پر بحث اب شروع ہوئی ہے،

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Building), Sariab CW, PP&H Department, District Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of the following works for the Year 2026 based on Composite Schedule of Rates 2026 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Works	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627101213933	CONSTRUCTION OF B/WALL GRAVEYARD OF KILLI GOHARABAD QUETTA	10 November, 2026 11:00 AM	12:00 PM	9,950,951
2	TSE-2627101213893	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL OF MULTI-PURPOSE HALL GOHARABAD DISTRICT QUETTA	10 November, 2026 11:00 AM	12:00 PM	9,950,759

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 assignments of similar nature of work Turnover of at least the amount mentioned in bidding documents in 3 subsequent previous years, showing the financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-6 and above (up to 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works), CE11(i) (General Engineering Works only). Tender **Rs.1500/-** deposit in the Account **C-02716** in NBP or Government Treasury in the shape of Green Challan (non-refundable) in favor of the undersigned Bid Security of 2% of the Estimated Cost in shape of Deposit at call, Bank Guarantee by a scheduled Bank in Pakistan Power of Attorney on Rs. I00 Stamp Paper authorizing a person to submit the Bid. The Bid must accompany a power of Attorney issued by authorized representative of the company having the name and CNIC No. of the person and TSE No. BPPRA paid Challan. Original must be submitted to the undersigned office on last date and time of bid submission**Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627101213933, TSE-2627101213893) **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a **Bank Guarantee or Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **10 November, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10 November, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Executive Engineer Building Sariab, CW, PP&H Department Spinny Road, Quetta **Phone no:** 0819213555

Email:xen.p2qta@gmail.com

Executive Engineer Building Sariab,
CW, PP&H Department, District
Quetta.

DPRQ/PRQ No.2015/23-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے ظفرالاسلام خان کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پیپلز پارٹی فکری سیاسی جمہوری اور نظریاتی جماعت ہے، بخت محمد کاکڑ

شہداء اور غازیوں کی جماعت ہے جس نے کبھی بھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی فکری سیاسی جمہوری اور نظریاتی جماعت ہے شہداء اور غازیوں کی جماعت ہے جس نے کبھی بھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا ہے اور نہ کریں گے ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی راہ کے سپاہی ہیں، جھوٹے وعدے نہیں کرینگے بلکہ عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں کو عملی جامعہ پہنائیں گے عوام کو ان دہلیز پر تمام سہولیات فراہم کرینگے محکمہ صحت کی بہتری اولین ترجیح ہے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے کیونکہ عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم بھی اپنے حلف کے پابند ہیں عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں کو نبھائیں گے انتخابی مہم میں جو وعدے عوام سے کئے وہ پورے کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حلقے کی عوام نے ہمیشہ مجھے محبت دی ہے حلقے کے عوام کو کبھی مایوس نہیں کروں گا عہدہ عوام کی محبت کا مظہر ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کو

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر، جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز میں تعلیمی و تحقیقی تعاون کا معاہدہ

طلبہ کو نیما میں انٹرن شپ، بلیو اکانومی، سی پیک اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر مشترکہ تحقیق کرنے پر اتفاق

گواد (یو این اے) جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جس میں بالخصوص بلیو اکانومی، چین پاکستان اقتصادی راہداری اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے نمائندوں کے درمیان آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ جامعہ گوادر کی جانب سے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، ڈپٹی رجسٹرار عبدالماجد کے علاوہ شعبہ کیمسٹری کی لیکچرر سنگین ولید، شعبہ زوولوجی کی لیکچرر عتیقہ بلوچ اور شعبہ اکنامکس کی چیئرپرسن شمع سلیمان نے شرکت کی، جبکہ NIMA پاکستان کی نمائندگی ڈائریکٹر کمانڈر اویس انور، ڈپٹی ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کمانڈر ڈاکٹر وقاص اور تحقیقی عملے نے کی۔ اجلاس کا اہم فیصلہ جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنا تھا، جس کے ذریعے طلبہ کو بحری امور، بلیو اکانومی، سی پیک سے متعلق اقدامات اور میرین

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشین، چوروں کی فائرنگ سے نوجوان محمد اسماعیل جاں بحق، علاقے میں شدید غم و غصہ

مقتول استاد گھر واپس جا رہے تھے کہ بابی آغا کے قریب نشانہ بنے، ضلعی انتظامیہ سے فوری اقدامات کا مطالبہ

پشین (یو این اے) پشین میں چوروں کی فائرنگ سے نوجوان محمد اسماعیل جاں بحق ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق، محمد اسماعیل استاد اپنے گھر کلی شربت خان جا رہے تھے کہ ابابی آغا کے قریب چوروں کی فائرنگ کا نشانہ بن گئے اور جان کی بازی ہار گئے۔ اس افسوس ناک واقعے پر اہلِ خانہ اور علاقے کے لوگوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ علاقے کے عوام نے پشین ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری اور مسلح وارداتوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ پشین میں چوروں کی فائرنگ سے نوجوان محمد اسماعیل جاں بحق ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق، محمد اسماعیل استاد اپنے گھر کلی شربت خان جا رہے تھے کہ ابابی آغا کے قریب چوروں کی فائرنگ کا نشانہ بن گئے اور جان کی بازی ہار گئے

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کیے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی: مختلف مقامات پر پولیس مقابلوں میں 10 ڈاکو مارے گئے

کراچی (اے این این) مختلف مقامات پر پولیس مقابلوں میں 10 ڈاکو مارے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر پولیس مقابلوں میں 10 ڈاکو مارے گئے۔ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار زخمی بھی ہوا۔ ہلاک ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فونز برآمد ہوئے۔ فیروز آباد ہل پارک کے قریب پولیس مقابلے میں دو ڈاکو ہلاک

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کا گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ناکام بنانے اور 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور غیر متزلزل عزم کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، شیخ زرک خان مندوخیل

عوام کو دہلیز پر سہولیات فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، ثمرات مل رہے ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام نے جو اعتماد کیا ہے اسے ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، ہمہ وقت عوام کے درمیان رہتا ہوں، عوام کے مسائل حل کرنے سے دلی خوشی ملتی ہے، عوام کو دہلیز پر سہولیات فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، ثمرات عوام کو مل رہے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں تعمیراتی کاموں کا آغاز

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کا ریذیڈنشل کالج خضدار کا دورہ، تعلیمی معیار و سہولیات کا جائزہ

بی آر سی ضلع کا قیمتی تعلیمی سرمایہ ہے، نئے پرنسپل کی آمد سے تعلیمی ماحول میں واضح بہتری آئی، ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ

خضدار (یو این اے) خضدار کی معروف تعلیمی درسگاہ بلوچستان ریذیڈنشل کالج خضدار کا آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین اور ارکان نے تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران کمیٹی کے وفد نے کالج کے کلاس رومز، کمپیوٹر لیب، میس اور دیگر شعبہ جات کا جائزہ لیا اور طلبا سے ملاقات کر کے ان کے تعلیمی مسائل سنے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ بی آر

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

26 اکتوبر کو کوئٹہ پریس کلب میں بھرپور احتجاجی مظاہرہ ہوگا شرکت کی اپیل

فنڈز کی بندش نے بلدیاتی اداروں کی کارکردگی متاثر کر دی ہے،، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے صوبے بھر کے تمام میئرز، ڈپٹی میئرز، ڈسٹرکٹ و میونسپل چیئرمینز، وائس چیئرمینز اور کونسلرز کے نام ایک اہم اعلامیہ جاری کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق مورخہ 26 اکتوبر 2026 بروز پیر، صبح 10:00 بجے کوئٹہ پریس کلب میں تمام بلدیاتی نمائندوں سے پرزور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔ چونکہ اسی روز بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بھی منعقد ہو رہا ہے، اس لیے نمائندگان اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فنڈز کی عدم فراہمی، نان سیلری و ترقیاتی فنڈز کی بندش، اختیارات اور وسائل کی کمی

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

دالبندین، بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گھریلو صارفین اور تاجر برادری سراپا احتجاج

نئے ایس ڈی او کی تعیناتی کے بعد غیر موزوں شیڈول سے معمولاتِ زندگی اور کاروبار شدید متاثر، چیف کیسکو سے نوٹس کا مطالبہ

دالبندین (یو این اے) دالبندین میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو صارفین اور تاجر برادری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے چیف کیسکو سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اور بجلی کی فراہمی کا شیڈول درست کیا جائے۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ دالبندین میں نئے ایس ڈی او کی تعیناتی کے بعد بجلی کی فراہمی کا شیڈول عوامی ضروریات کو مدنظر رکھے بغیر مرتب کیا جا رہا ہے، جس کے باعث نہ صرف کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں بلکہ گھریلو صارفین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بجلی صبح 10 بجے بحال کی جاتی ہے اور دوپہر 3 بجے دوبارہ بند کر دی جاتی ہے، جبکہ شام 7 بجے بجلی کی فراہمی بحال ہوتی ہے۔ اس

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

اے ایس ایف اہلکاروں کا مبینہ نامناسب رویہ، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے تحریکِ استحقاق پیش کر دی

سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد قانون کی یکساں عمل داری اور اہلکاروں کے ذمہ دارانہ طرزِ عمل سے وابستہ ہے

اسلام آباد/ کوئٹہ (جی این ایم) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ای کے 601 (601-EK) کی چیک اِن کارروائی کے دوران ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے اہلکاروں کے مبینہ نامناسب رویے کے خلاف سینیٹ کی کمیٹی برائے قواعد و ضوابط و استحقاقات کے سامنے تحریکِ استحقاق پیش کر دی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس معاملے کو اٹھاتے ہوئے واضح کیا کہ کوئی بھی سرکاری عہدیدار قانون، احتساب اور پارلیمان واس کے اراکین کے احترام سے بالاتر نہیں ہے۔ سرکاری فرائض کی انجام دہی کے دوران ذمہ دارانہ رویہ، شائستگی اور قانون کی پاسداری ہر اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ای کے 601 کی چیک اِن کارروائی کے دوران اے ایس ایف اہلکاروں کے مبینہ طرزِ عمل سے متعلق معاملے کی سنجیدگی سے جانچ پڑتال ہونی چاہیے تا کہ

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں گے، سلیم کھوسہ

صوبے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیر مواصلات

حکومت اس حوالے سے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مواصلاتی نظام کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں مضبوط و پائیدار مواصلاتی نظام کی اشد ضرورت ہے۔ بہتر سڑکیں نہ صرف عوام کو سفری سہولیات فراہم کرتی ہیں بلکہ صوبے میں تجارت، زراعت، صنعت اور روزگار کے مواقع کو

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کو ریلیف دلانے کیلئے جماعت اسلامی کی تحریک جاری رہے گی: لیاقت بلوچ

پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی نے دھرنے دیے اور کراچی سے ملتان تک ٹرین مارچ بھی کیا

اسلام آباد (اے این این) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دلانے کے لیے جماعت اسلامی کی تحریک جاری ہے، حکومت کو عوام کو مہنگائی اور پٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکسوں سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ مذاکرات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی نے دھرنے دیے اور کراچی سے ملتان تک ٹرین مارچ بھی کیا، ملتان پہنچنے پر وزیراعظم نے رابطہ کیا، جس کے بعد وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ مؤخر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج مذاکرات کا مقصد یہ ہے کہ وزیراعظم کی امیر جماعت اسلامی سے

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، نمازِ جمعہ کے موقع پر مساجد و امام بارگاہوں کی سیکیورٹی الرٹ، پولیس گشت میں اضافہ

ضلع بھر کی مرکزی مساجد پر جوان تعینات، امن و امان برقرار رکھنے کے لیے سخت حفاظتی تدابیر

صحبت پور (یو این اے) نمازِ جمعہ کے پیشِ نظر ضلع صحبت پور بھر میں پولیس کی جانب سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے، جبکہ امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے پولیس گشت میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نمازِ جمعہ کے موقع پر ضلع صحبت پور کی تمام چھوٹی بڑی مساجد اور امام بارگاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات عمل میں لائے گئے۔ سیکیورٹی پلان کے تحت پولیس لائن مسجد، ڈسٹرکٹ کمپلیکس (ڈپٹی کمشنر) مسجد، مسجد التوحید، غوثیہ مسجد، جمالی محلہ مسجد، انوارِ مصطفیٰ مسجد، فیضانِ

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری سے ڈی آئی جی خضدار ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر خزانہ کی این ڈی ایم اے کے سبکدوش اور نئے چیئرمین سے ملاقات

آفات سے نمٹنے کی تیاری اور موسمیاتی خطرات سے بچاؤ کی صلاحیت بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے جمعے کو یہاں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے سبکدوش چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور نئے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل حسن خٹک سے ملاقات کی جس دوران آفات سے نمٹنے کی تیاری، موسمیاتی خطرات سے بچاؤ کی صلاحیت اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق خطرات سے نمٹنے کی قومی استعداد مضبوط بنانے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔

سمندری طوفان کے باعث مشرقی ایشیا میں زندگی مفلوج، پروازیں منسوخ، اسکول بند

تائیوان میں تیز ہواں اور مٹی کے تودے گرنے سے ایک شخص ہلاک اور 94 زخمی

تائیوان (جی این ایم) سمندری طوفان "چاچی" کے تائیوان سے ٹکرانے اور جاپان کے جنوبی علاقوں کی طرف بڑھنے کے باعث مشرقی ایشیا بھر میں نظامِ زندگی شدید متاثر ہو گیا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق مشرقی ایشیا میں سال کے طاقتور ترین سمندری طوفانوں کے تائیوان کی طرف بڑھنے کے ساتھ ہی علاقے میں شدید الرٹ جاری کر دیا گیا ہے اور ہزاروں مسافر پروازوں کی منسوخی سے متاثر ہوئے ہیں۔ طوفان کے پیشِ نظر تائیوان میں اسکول، دفاتر اور اسٹاک ایکسچینج بند کر دیے گئے ہیں

استنبول میں پاکستان سمیت 7 ممالک کی اہم سفارتی بیٹھک، اسحاق ڈار شرکت کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار آج (23 اکتوبر کو) ترکیہ کے شہر استنبول میں آر 4 (پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر) کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کرینگے۔ جمعہ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کو ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے دورے کی دعوت دی ہے۔

کراچی میں منکی پاکس کی مزید 2 افراد میں تصدیق

کراچی (اے این این) کراچی میں خطرناک بیماری منکی پاکس کی شرح میں اضافہ ہونے لگا اور مزید 2 افراد میں منکی پاکس کی تصدیق ہوگئی۔ نیو کراچی کے ایک اور مشتبہ مریض کو سندھ انفیکشز ڈیزیز ہسپتال نیپا منتقل کر دیا گیا ہے جس کے بعد ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی تعداد سات ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تصدیق شدہ دونوں افراد دوست ہیں اور ایک کیفے ٹیریا میں کام کرتے ہیں،

سابق وزیراعظم نواز شریف طبی معائنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

لاہور (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف لندن میں طبی معائنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ یاد رہے کہ نواز شریف 10 اکتوبر کو طبی معائنے کے لیے لندن روانہ ہوئے تھے اور 23 اکتوبر کو وطن واپس پہنچے، اس طرح ان کی روانگی اور واپسی کے درمیان 13 روز کا وقفہ رہا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف لندن میں طبی معائنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ یاد رہے کہ نواز شریف 10 اکتوبر کو طبی معائنے کے لیے لندن روانہ ہوئے تھے اور 23 اکتوبر کو وطن واپس پہنچے، اس طرح ان کی روانگی اور واپسی کے درمیان 13 روز کا وقفہ رہا۔

کوہ سلیمان ڈویژن کی تمام پوسٹوں کی منظوری، جلد افسران کی تعیناتی کا اعلان

رکھنی کو مثالی ڈویژن بنائیں گے، کرپشن مافیا پر رحم نہیں ہوگا، گوادر حملے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی قابلِ فخر ہے،، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

بلوچستان کے مخصوص جغرافیائی اور انتظامی حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ انتظامی ڈھانچے کو عوام کی ضروریات کے مطابق تشکیل دیا جائے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوہ سلیمان ڈویژن کی تمام ڈویژنل پوسٹوں کی منظوری دے دی گئی ہے اور ان پر افسران و عملے کی تعیناتی بہت جلد عمل میں لائی جائے گی۔ بلوچستان میں عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری سہولیات کی فراہمی اور حکومتی اداروں تک رسائی آسان بنانے کے لیے چھوٹے انتظامی یونٹس، ڈویژنز اور اضلاع کا قیام ناگزیر ہے۔ شمالی ڈیرہ بگٹی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے مخصوص جغرافیائی اور انتظامی حالات اس امر کے متقاضی

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 3 پر)

استامحمد، ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم نے 2027ء کے لیے گندم کی مجوزہ قیمت 4,500 روپے فی من مقرر کر دی

گزشتہ سال گندم کی قیمت 3,500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم نے کسان دوست اقدام اٹھاتے ہوئے 2027ء کے لیے گندم کی مجوزہ قیمت 4,500 روپے فی من مقرر کر دی۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق گزشتہ سال گندم کی قیمت 3,500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے اس فیصلے کے لیے مشاورتی عمل میں تعاون اور قابلِ قدر تجاویز پیش کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ اور ان کے اس مشاورتی عمل میں کردار کی تعریف کی اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔ لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے،

پاسپورٹ نظام میں اہم تبدیلی، اب صرف ای پاسپورٹ جاری ہوں گے

یورپی یونین، امریکا اور خلیجی ممالک سمیت دنیا بھر میں ای پاسپورٹ کو سب سے زیادہ محفوظ مانا جاتا ہے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں پاسپورٹ کے اجرا کا نظام جدید بنانے کے لیے اہم تبدیلی کی گئی ہے، جس کے تحت اب نئے پاسپورٹ حاصل کرنے والے شہریوں کو الیکٹرانک پاسپورٹ جاری کیے جائیں گے۔ اس اقدام کا مقصد سفری دستاویزات کی سیکیورٹی اور پاسپورٹ سروسز کی کارکردگی بہتر بنانا ہے۔ نئی پالیسی کے تحت ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر اور بیرون ملک پاکستانی سفارتی مشنز سے اب مشین ریڈایبل پاسپورٹ جاری نہیں کیے جائیں گے، بلکہ نئے پاسپورٹ کے لیے درخواست دینے والے شہریوں کو صرف ای پاسپورٹ جاری ہوں گے۔ اس سے قبل یہ تبدیلی 15 اکتوبر 2026 سے نافذ ہونا تھی، تاہم بعد میں اس کی تاریخ تبدیل کر کے 23 اکتوبر مقرر کر دی گئی

حنا جاوید قتل کیس: پوسٹ مارٹم رپورٹ میں سنگین تشدد کی تصدیق

مقتولہ کی گردن ٹوٹنے سمیت جسم پر متعدد زخموں کا انکشاف، پارلیمانی کمیٹی کا 29 اکتوبر کو اجلاس طلب

اسلام آباد (اے این این) حنا جاوید قتل کیس میں تشدد کی مزید تصاویر اور اصل پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آ گئی، جس میں مقتولہ کے جسم پر تشدد اور متعدد سنگین زخموں کی تصدیق ہوئی ہے۔ پارلیمنٹ کی داخلہ کمیٹی نے کیس پر غور کے لیے 29 اکتوبر کو اجلاس طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایڈیشنل آئی جی، آر پی او اور مقتولہ کے اہلخانہ کو طلب کیا گیا ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق حنا جاوید کے چہرے، گردن، بازوؤں اور ہاتھوں پر زخموں کے نشانات تھے، جبکہ ان کی گردن ٹوٹی ہوئی اور ہونٹ پھٹے ہوئے تھے۔ حنا جاوید کو 20 اگست کو گھر میں تشدد کے بعد قتل کیا گیا تھا۔ کی شفاف تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ کے تعاون سے انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر بھی بنایا گیا

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کیلئے ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر قائم کر دیا گیا۔ جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اور بہترین مفادات کے تحفظ کے لیے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔ وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر بنایا، ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کے لیے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔

جعفرآباد: اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ سول ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان مکمل تیار اور اپنی حدود کی حفاظت کرنا جانتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

تمام مسائل اور جنگیں سفارت کاری کے ذریعے حل ہوتی ہیں، پاکستان کبھی افغانستان کے ساتھ سفارتکاری سے شرمندہ نہیں ہوا افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے

افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، گزشتہ ایک سال میں 1360 پاکستانی اس دہشتگردی کی وجہ سے جان سے گئے،، سجاد حیدر خان

اسلام آباد (اے این این) پاکستان دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی، پاکستان مکمل تیار ہے اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔ اسلام آباد میں نیوز بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، گزشتہ ایک سال میں 1360 پاکستانی اس دہشتگردی کی وجہ سے جان سے گئے۔ تمام مسائل اور جنگیں سفارت کاری کے ذریعے حل ہوتی ہیں، پاکستان کبھی افغانستان کے ساتھ سفارتکاری سے شرمندہ نہیں ہوا۔ ترجمان نے کہا کہ چین، ازبکستان اور دیگر ممالک کو بھی افغانستان کے اندر دہشتگردوں کی موجودگی سے مسئلہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کی توسیع کا ہر ملک کا

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف ڈی آئی کے 36 رکنی وفد کا سینیٹ کی کارروائی دیکھنے کے لیے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی چیئرپرسن سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی دعوت پر فورم فار ڈگنیٹی انیشی ایٹوز (FDI) کا 36 رکنی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا اور سینیٹ کی کارروائی کا مشاہدہ کیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید سیدال خان نے وفد کا ایوان میں خیر مقدم کیا۔ آنے والے مہمانوں نے طلباء اور نوجوانوں کو پارلیمانی کارروائی سے روشناس کرانے کے سینیٹ سیکرٹریٹ کے اقدام کو سراہا اور اس تجربے کو جمہوری شعور اور ریاستی اداروں کے فہم کو فروغ دینے کے لیے معلوماتی اور مفید قرار

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی ترقی اور امن کے خلاف سازشیں کامیاب نہیں ہونگی، ضیاء لانگو

گوادر میں 7 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ صلاحیتوں کا ثبوت ہے، وزیرداخلہ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے گوادر میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک جاری بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ گوادر میں بہادر جوانوں نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دشمن کے شوم عزائم خاک میں ملا دیے، جو سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، استحکام اور معاشی ترقی کو سبوتاژ کرنے والی سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر اس ناسور کا جڑ سے خاتمہ کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔ صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے گوادر میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک جاری بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ گوادر میں بہادر جوانوں نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دشمن کے شوم عزائم خاک میں ملا دیے، جو سیکیورٹی فورسز کی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کے لیے ڈپٹی کمشنر کو ہدایات جاری کر دیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کے لیے ڈپٹی کمشنر کو ہدایات جاری کر دیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق بلدیاتی انتخابات کا شیڈول 21 اکتوبر کو جاری کیا گیا تھا، کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے آر اوز وصول کریں گے، انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ ہوں گے، اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ 20

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے عالمی بینک کے ریجنل پریکٹس ڈائریکٹر اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری سے مختلف مکاتبِ فکر کی ملاقاتیں، عوامی مسائل کی فوری حل کی یقین دہانی

عوامی نمائندوں اور شہریوں کا براہِ راست رابطہ مسائل کی نشاندہی کے لیے ناگزیر ہے، قائد حزبِ اختلاف

خضدار (یو این اے) ایم پی اے خضدار و قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری سے ان کی رہائش گاہ پر مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی سیاسی و سماجی شخصیات، جماعتی احباب، صحافی برادری، کاروباری حضرات اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکا نے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کے سامنے اپنے مسائل، مشکلات اور تجاویز پیش کیں اور انہیں اپنے متعلقہ علاقوں کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ ایم پی اے میر یونس عزیز زہری نے ملاقات کے لیے آنے والے تمام افراد سے ان کے مسائل سنے اور ان کو حل کرنے کی

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان، دالبندین اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے علاقے دالبندین اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکوں سے خوف و ہراس پھیل گیا۔ دالبندین میں زلزلے کی شدت 5.1 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا جبکہ گہرائی 53 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ بلوچستان کے علاقے دالبندین اور ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکوں سے

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، 3 گاڑیاں، موٹر سائیکل اور آلات برآمد

رینٹ اے کار کی گاڑیاں لاکر موٹر سائیکل میں ٹریکر لگانے اور آگے فروخت کرنے کا انکشاف

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر ایس پی صدر شوکت امیر جنجوعہ، ڈی ایس پی صدر شوکت جدون اور ایس ایچ او خروٹ آباد احسان مروت کی سربراہی میں خروٹ آباد پولیس نے ایک بڑی و کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملک بھر میں متحرک بین الصوبائی گاڑی چور اور جعلساز گروہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 3 عدد گاڑیاں، 01 عدد موٹر سائیکل، 05 عدد ٹریکر اور چوری و ٹریکر کاٹنے میں استعمال ہونے والے مختلف جدید آلات برآمد کر لیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 21 اکتوبر 2026 کو مخبر خاص کی خفیہ اطلاع پر ایس ایچ او خروٹ آباد احسان مروت

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کیخلاف جنگ میں امریکا کو سٹریٹجک شکستوں کا سامنا ہے: پاسداران انقلاب

تہران (اے این این) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کو سٹریٹجک شکستوں کا سامنا ہے، امریکا ایران کا سیاسی نظام بدلنے اور ملک کو تقسیم کرنے میں ناکام رہا۔ ترجمان پاسداران انقلاب بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی ترقی اور امن سبوتاژ کرنے کی سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی، شاہد رند

دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے والے سیکیورٹی اہلکار پوری قوم کا فخر ہیں صوبے کیخلاف تمام سازشیں ناکام ہونگی

دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی اتحاد ناگزیر ہے، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور

کوئٹہ (جی این ایم) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے گوادر میں دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے اور سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تخریبی منصوبہ ناکام بنا دیا۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلا کر ترقی کا سفر روکنے کی کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ اپنے بیان میں شاہد رند نے کہا کہ تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے والے سیکیورٹی اہلکار پوری قوم کا فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان سے

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکی سینیٹرز الزبتھ وارن اور کرس مرفی کی ایران جنگ پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر شدید تنقید

واشنگٹن (اے این این) امریکی سینیٹرز الزبتھ وارن اور کرس مرفی نے ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سینیٹر الزبتھ وارن نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ جنگ کے دوران کم از کم 23 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ ٹیکس دہندگان کے 45 ارب ڈالرز سے زائد خرچ کیے جا چکے ہیں۔

بولان: این 65 قومی شاہراہ پر اوور لوڈنگ اور اوور اسپیڈنگ کے خلاف کریک ڈاؤن

مسافروں کی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے، ٹریفک سارجنٹ کچھی نیاز احمد بزدار کی ٹرانسپورٹرز کو تنبیہ

بولان (جی این ایم) این 65 بولان قومی شاہراہ پر وہیکل آرڈیننس کی خلاف ورزی کرنے والی ٹرانسپورٹ کے خلاف سخت قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے ٹریفک سارجنٹ کچھی نیاز احمد بزدار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کچھی اور ایس ایس پی کچھی کے سخت احکامات پر من و عن عملدرآمد کیا جا رہا ہے اس مہم کے دوران اوور لوڈنگ اور اوور اسپیڈنگ کرنے والے وین مالکان اور کوچز ٹرانسپورٹرز پر بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی گاڑیاں بھی تھانے میں ضبط کی جا رہی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی لاپرواہی اور قانون شکنی کی وجہ سے ماضی میں کئی بڑے حادثات رونما ہو چکے ہیں جن کی وجہ سے

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت تھیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بحالی اور آمریت کے خلاف جدوجہد میں ناقابلِ فراموش کردار ادا کیا۔ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا روشن باب ہیں۔

حب، ایس ایس پی مرزا بلال کی ہدایت پر حب سٹی پولیس کی کارروائیاں، منشیات فروش گرفتار

خورد برد شدہ رقوم، چرس، اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتفریق اقدامات جاری

حب (یو این اے) ایس ایس پی حب مرزا بلال کی سخت ہدایات پر حب سٹی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، ڈکیتوں اور منشیات فروشوں کے خلاف مسلسل اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں ملوث متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ سامان، اسلحہ اور چرس برآمد کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حب سٹی پولیس نے ایک کارروائی کے دوران کوریئر کمپنی کے 5 لاکھ 93 ہزار روپے کی مبینہ خورد برد میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر لیا، جس کے قبضے سے 350 گرام چرس بھی برآمد کی گئی۔ ایک اور کامیاب کارروائی کے دوران پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی سبی میں ایس بی کے کے کنٹریکٹ اساتذہ میں ایکسٹینشن آرڈر تقسیم کر رہے ہیں

رجسٹرڈ بیع نامے کو صرف خریدار کے دستخط نہ ہونے کی بنیاد پر کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا، سپریم کورٹ

اسلام آباد (یو این اے) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ رجسٹرڈ بیع نامہ صرف اس بنیاد پر غیر مؤثر یا کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا کہ اس پر خریدار کے دستخط یا انگوٹھے کے نشانات موجود نہیں۔ عدالت نے واضح کیا ہے کہ رجسٹرڈ دستاویز کو فراڈ کے ذریعے حاصل کرنے کا الزام لگانے والے فریق کو دھوکہ دہی کے الزامات کی واضح تفصیلات اور ثبوت پیش کرنا ہوں گے۔ جسٹس شاہد وحید نے تحریر کردہ فیصلے میں قرار دیا کہ رجسٹرڈ دستاویز کو قانونی طور پر درست تصور کیا جاتا ہے، جب تک اسے چیلنج کرنے والا فریق ٹھوس شواہد کے ذریعے اس کے خلاف اپنا موقف ثابت نہ کرے۔ سرے فریق پر منتقل نہیں ہوتا۔ سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ 64 کنال ایک مرلہ زرعی اراضی کی ملکیت سے متعلق دو اپیلوں پر 20 اکتوبر 2026 کو سماعت کے بعد جاری کیا۔

دہشت گرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، وزیراعظم

شہباز شریف کا گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے گوادر میں دہشت گردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی، غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں کے حملے میں ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید کیلئے بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)